صرف ٹیٹل ملک دین محمد پبلشر نے اپنے دین محمدی الیکٹرک پریس بل روڈ لاہور سے چھاپ کر شایع کیا

Price -/9/-

۷۸۶

ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

طلسم روحانی

برائے فرم

ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز و بک سیلرز و پروپرائٹر

دین محمدی الیکٹرک پریس کشمیری بازار بل روڈ لاہور

بہ اہتمام ملک محمد عارف پرنٹر دین محمدی الیکٹرک پریس

۱۷ سرکلر روڈ لاہور سے طبع کرا کر

سنہ ۱۹۴۰ء میں

ملک دین محمد نے کشمیری بازار لاہور سے شائع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ العلی العظیم والصلوٰۃ علیٰ رسولہ وحبیبہ محمد ذی الشرف
والتعظیم والسلام علیٰ آلہ واصحابہ اولی العزۃ والتکریم اما بعد

بندہ امیدوار **فضل سرمد حسین احمد** ولد منشی **جمال احمد** غفر اللہ ذنوبہما خدمت
شائقان علم غریب میں عرض رسا ہے کہ اکثر اشخاص اس امر کے شائق دیکھے گئے کہ کوئی
رسالہ مستند ایسا مطبوع ہو جو ہر طرح کے خواب کا مجموع ہو جب اصرار شائقین کا بیحد
ہوا اسوقت اس کمترین نے کتب متقدمین مثل کتاب دانیال نبی علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ
والسلام اور رسالہ مستند محمد ابن سیرین علیہ الرحمۃ اور چند رسائل دیگر معتمد سے مسودہ
درست کیا اور بعد نظر ثانی ان مضامین مستخرجہ کو بہ ترتیب حروف ہجا جدول مین تحریر کیا
چونکہ یہ رسالہ مشحون بمضمون سیر و سیاحت روح نفسانی ہے اسلیے اسکا نام **طلسم روحانی**
رکھا **بیان تعبیر دہندوں کے آداب اور تمیز و معرفت خواب اور اسکے اصول میں**

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
رؤیا المؤمن جزء من ستۃ واربعین جزءا من النبوۃ یعنے خواب مومن کا ایک جزو ہے
چھیالیسوین جز نبوت سے پس معبر بصفات چند موصوف ہونا چاہیے اوّل قرآن مجید کا عالم
ہو دوم حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حافظ ہو سوم زبان عربی و اشتقاق لفظی سے
واقف ہو چہارم قیافہ شناس مردم ہو پنجم ماہر اصول تعبیر ہو ششم متقی و نیک سیرت ہو

ہفتم راست گو ہو جاننا چاہیئے کہ خواب کبھی تعبیر دیا جاتا ہے اور مختلف زمان اور مختلف اوقات
کے اور کبھی مانند مثل کے اور اکثر تعبیر مثل یا اُسکے ہمنام سے دیجاتی ہے اور کبھی تعبیر لفظ اسم
اور معنی اسم سے اور کبھی ضد شے سے اور کبھی اشتقاق و مشتقات سے اور کبھی زیادت یا
نقصان سے اور کبھی آیات قرآن مجید سے مثلاً دیکھنا بیضہ مرغ وغیرہ کا کہ تعبیر اُسکی زن
جمیلہ سے ہے بقولہ تعالیٰ کانھن بیض مکنون یا پتھر کا دیکھنا کہ تعبیر اُسکی لسختی ہے بقولہ تعالیٰ
ثم قست قلوبکم من بعد ذلک فھی کالحجارۃ او اشد قسوۃ یا گوشت تازہ کا دیکھنا کہ تعبیر اُسکی
غیبت ہے بقولہ تعالیٰ ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا فکرھتموہ یا استخوان پہلو کا دیکھنا
کہ مراد زن سے ہے بقول آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم المرأۃ خلقت من ضلع اعوج اور مثل
اسکے مثال بے شمار ہین اور تعبیر از روے اسم دے اور اسم پر خیال ضرور کرے **بیان**
اوقات جاننا چاہیے کہ راست ترین اوقات خواب کے آخر شب اور دن کو بعد
کھانا کھانے اور آرام کرنے کے ہین اور راست ترین زمانہاے خواب درخت اور میوہ
پختہ ہونیکے ہیں اور سست ترین زمانہاے خواب فصل شتاء آمد موسم بارش ہے تعبیر دینوالے
کو لازم ہے کہ کلام صاحب خواب کا خواب سمجھ لیوے اور خیال کرے کہ کلام مسلسل ہے تو خوب صحیح ہے اُس کی
تعبیر از روے اسم یا آیۂ قرآنی یا کتاب ہذا سے دے در صورت کلام بے ربط کچھ تعبیر نہ دینا چاہیئے اور در صورت
شبہہ ضمیر صاحب خواب کی دریافت کرے اور موافق اُسکی نیت کے تعبیر دے مگر خیال رکھے
کہ اگر تعبیر بد ہے۔ تو تعبیر نیک دینا چاہیئے۔ اور جب اصول خواب کے خوب
ثابت ہو جاوین کہ جنس ہے یا صنف ہے تو موافق اس کے تعبیر دے۔

ردیف الف

خواب	تعبیر خواب
انوار خدا دیکھنا	مومنونکو راحت وجنت نصیب ہو اور آزادی نہایت شادمانی ہو
اللہ کی جناب مین قبولیت اور اُسکو متوجہ وملتفت دیکھنا	دنیا بخیر وعاقبت بین خدا مہربان ہو۔
اللہ کا متاع دنیا سے کچھ دینا	مرض و بلا مین مبتلا ہو مگر اُسکے اجر مین داخل جنت ہو
اللہ کو کسی مکان معین مین نازل ہوتے دیکھنا۔	اُس مکان کے باشندون کو خیر و فرح ونصرت ہو۔
اللہ کا برجز و نہی یا بوعدہ و وعید کلام کرتے دیکھنا۔	اعمال بد سے توبہ کرے اللہ انجام بخیر کرے
اللہ کو اپنی فرش اور بستر پر دیکھنا	کرامت و رحمت خدا سے مستفید ہو۔
ابر محیط آسمان پر دیکھنا	بلائے سخت نازل ہو رنج و پریشانی حاصل ہو
اللہ کو کسی صورت مثالی یا خیالی یا کسی شکل سے متمثل دیکھنا۔	فعل بد سے توبہ کرے داخل جنت ہو۔
اللہ کو ناقص الخلقت یا بتونکے طور پر دیکھنا۔	جلد توبہ واستغفار کرے۔
انبیا علیہم السلام کو خواب مین دیکھنا	سرداری پائے یا دفینہ ہاتھ آئے۔
آپکو بجائے کسی نبی کے فائز دیکھنا	دنیا مین سختی ومصیبت آخرت مین فراغت وراحت ہو
اصحاب کبار رضی اللہ عنہم کو دیکھنا	برکت حاصل ہو بڑے دیندارون مین شامل ہو۔
ائمہ معصومین علیہم السلام کو دیکھنا	دنیا مین دولت دار ہو آخرت مین بیڑا پار ہو
اولیا و ابدال رحمہم اللہ کو دیکھنا	دلیل اقبال موجب زیادتی نیک افعال ہے
آسمان پر بلا صعود آپ کو دیکھنا	شہادت موجلہ پائے دنیا مین جلد شرف حاصل ہو

ردیف الف

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
ابر پر قادر یا فراہم کرنا یا اُسکے اندر داخل ہونا	عہدہ جلیلہ و امر عظیمہ پر فائز ہو۔	آفتاب پر چنگل مارنا اور اُسپر دسترس پانا دیکھنا	حسب مقدار مالکُ ملک ہو بشرطیکہ آفتاب صاف و شعاع بھی رکھتا ہو۔
ابر آسمان پر دیکھنا	بادشاہ یا حاکم مہربان یا حکیم و عالم فیض رسان ہو۔	آفتاب کا نور و شعاع اپنے اُوپر پڑتے دیکھنا۔	مالکُ ملک و غلبہ حاصل ہو۔
ابر بغیر تاریکی یا تند ہوا بہول وہیبت دیکھنا	دلیل علم و حکمت و حجت ہے یا ترقی دین اسلام کی ہے۔	آفتاب کی حالت خسوف میں دیکھنا۔	بادشاہت مین کوئی حادثہ یا نسبت ایک کے والدین سے واقع ہو۔
آسمان دیکھنا	مرتبہ بلند ہو یا فرزند ارجمند ہو	آفتاب سے آپکو نزع کرتے دیکھنا	بادشاہت مین یا ساتھ ایک کے والدین سے نزاع ہو
آسمان پر چڑھ جانا اور اُسمیں داخل ہونا۔	فائز بہ شہادت و کرامت خدائے عز و جل ہو۔	آفتاب کو اپنے مکان مین طلوع ہوتے دیکھنا۔	مرد بے زن نکاح کرے زن دار کو جانب ملوک سے افزائش روزی و مرتبہ ہو۔
آفتاب کو ابر گرد مین چھپا دیکھنا	مرض و مصیبت ملک پر کسی ایک کے والدین پر واقع ہو	انار کا درخت لگانا اور بلند سایہ دار ہونا	شرافت و عزت حاصل ہو۔
الائچی یا اخروٹ پانا۔	سوداگری میں نفع کثیر یا گماشتہ یا شریک سعید و بہتر پائے		

ردیف الف

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
اژدہا بند دیکھنا	عورت نئی ملے شادی ہو غم سے آزادی ہو	انار شیریں تمام کیفقدر کھانا	دلیل جمعیت ہر شے کی ہے۔
اشرفی پانا یا دیکھنا	فرزند ارجمند ہو یا نفع تجارت سے بہرہ مند ہو	انجیر کھانا	مال حلال اور دولت لازوال حاصل ہو
اونچی جگہ پر چڑھنا	رتبہ بلند ہو نہایت خورسند ہو۔	انجیر کا پتا دیکھنا	باعث پریشانی ہو اندیشے کی نشانی ہو
اناج خشک کھانا	مفلسی میں مبتلا ہو رنج کا سامنا ہو۔	انگور کا عرق پیتے دیکھنا	اگر متقی ہو شرابی ہو جائے۔
اناج شیریں پانا	معشوق سے شربت وصال پائے یا مریض ہو تندرست ہو جائے	انگور کا باغ یا درخت	عورت ملے اور خدمت بادشاہی
انار ترش کھانا	دوستوں سے ترش روئی حاصل ہو بیگانگی شامل ہو	یا عرق نچوڑتے دیکھنا	پر فائز ہو۔
ایسی عورت کو دختر یا پسر جنتے دیکھنا	جو دیکھے اُسکے برعکس ہو۔	انگور سرخ و سفید دیکھنا	فصل میں دیکھنے ہو خیر و برکت غیر فصل رنج و غم میں مبتلا ہو
انار کا درخت دیکھنا	بے نوکر ہو نوکری ہو جائے یا بیوی بار لائے	اذان غیر ایام حج میں دیتے دیکھنا	اخبار و احوال صحیحہ و طلبہ لوگوں سے بیان کرے
انگور کے دانے شمار کرکے کھانا	چیچک و خارش میں مبتلا ہو یا تازیانے پڑیں	اذان کہتے ہوئے آپ کو دیکھنا	فاسق دغا جو ہو تو ہاتھ کاٹے جائیں صالح ہو تو حج نصیب ہو
انگور خشک ہر قسم کا دیکھنا	باعث خیر و منفعت کا ہے۔	اندھے کو دیکھنا۔	ملال و مصیبت پیش آئے ایماندار بے ایمان ہو جائے نہیں تو پریشان ہو

ردیف الف

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
آلو بخارہ کھانا۔	مرض میں مبتلا ہو کلفت کا سامنا ہو	آپ کو اندھا دیکھنا۔	نیک کامون سے چشم پوشی بدکامون سے ہم آغوشی رہے۔
آم کھانا۔	اولاد حاصل ہو مفلس ہو تو انگر ہو جائے	اندھیارا دیکھنا۔	حاکم وقت پر آفت آئے یا غم فرزند اٹھائے
افسون خوان کو دیکھنا۔	دولت و حکومت حاصل ہو۔	انگشتری سے نگینہ گرا ہوا دیکھنا	حکومت سے خالی ہو رنج و وبال حالی ہو۔
اذان بیوقت دیتے دیکھنا۔	ظلم و جفا کا پیشہ ور ہر ایک پر بداندیشہ کرے	انگشتری پہنے ہوئے دیکھنا	کسی معشوق سے ہم آغوشی ہو نہایت گرم جوشی ہو
اذان ماہہائے حج مین	حج نصیب ہو دین مین فراغ ہو۔	اونچی جگہ سے اترتے دیکھنا	عہدہ بڑا جاتا رہے غم اور غصہ کھانا ہے
کسی وقت دیتے دیکھنا		آدمی کا گوشت کھانا۔	مال حرام کھائے پریشانی اٹھائے۔
آب جاری دیکھنا	کسی بڑے کام مین پیش ہو معیشہ بیش ہو۔	آرگن باجا سننا	افسر فوج ہو نہایت اوج ہو
آب مکدر دیکھنا	غم اندیشہ لاحق ہو مبتلائے فکر لاحق ہو۔	اولا کھانا۔	باعث حیرانی ہے سبب پریشانی ہے۔
آب مصفا دیکھنا۔	صحبت بزرگ سے فائدہ مند ہو فتنہ و فساد بند ہو	آسپ گرتے ہوئے دیکھنا	عہدے سے معزول ہو نہایت ملول ہو
آب شور دیکھنا	جلد رنج میں مبتلا ہو قید فرنگ کا سامنا ہو		

ردیف الف

خواب	تعبیر خواب
آواز خوش سُننا	داہنی جانب سے حافظ قرآن ہو بائین جانب سے علم موسیقی سے دل شاد ہو
آگ جلا کر کچھ پکانا	نفع بےحساب ہو فضول خرچ سے اجتناب ہو
آگ کھانا۔	مال حرام کھائے مگر نہایت پریشانی اُٹھائے
اپنے تئیں قتل کرتے دیکھنا	درازی عمر کی دلیل ہے صحت ہو اگر علیل ہے
آتش زدگی مع شعلہ وصدائے ہولناک دیکھنا۔	مرض سرسام یا چیچک وطاعون عارض ہو۔
آتش زدگی مع شعلہ وصدائے ہولناک زمین پست میں دیکھنا	موت کا بازار گرم ہو۔
آتش پرستی کرتے دیکھنا	دنیا و دین خراب ہو مال حرام کا خواستگار ہو

خواب	تعبیر خواب
اشتر پر سوار ہونا	سفر حج پیش آئے نعمت بیش پائے۔
آلت کٹا دیکھنا	کسی محل سے توسّل ہو ثبات نمول ہو
آپ کو زلزلے مین دیکھنا۔	باعث زبونی ہے۔
اپنا مکان زلزلے مین دیکھنا۔	اُس مکان مین زنا ہو قہر آلہی کا سامنا ہو
آتش زدگی کسی محلہ یا شہر یا مکانمین دیکھنا	جور و ستم اُس سرزمین پر واقع ہو۔
آگ کا آسمان سے اُترنا اور اُسمین دھوان نہونا۔	بہ نسبت سختی کے آسانی ہے۔
آگ کا کسی جگہ سے طرف آسمان کے بلند ہونا آگ کا جلنا اور کوئی شی خود یا غیر کو بریان کرتے دیکھنا۔	حق تعالیٰ پر افترا اور بہتان کرنیکی دلیل ہے جس چیز کا سامان کرے اُس سے متنفع ہو فقر و طمع ہو۔

ردیف الف

خواب	تعبیر خواب
آگ کا بغیر شعلہ ولپک کے کچھ جلانا کچھ چھوڑنا	حادثات عجیب و امراض غریب وہاں واقع ہون۔
آگ کا آسمان سے اترنا اور کچھ نہ جلانا	سختی زمانی ہے نہ ضرر جسمانی
آتش سوزان بیچ دیگ خالی دیکھنا	کوئی امر مکروہ کرے۔
آگ سے کپڑا یا عضو دیگر جلجانا	کوئی مصیبت لاحق حال ہو۔
انگارے چبانا	مال یتیم کھاوے۔
اندر نماز کے قوم کی امامت کرنا	کسی جماعت کا متولی ہو بشرطیکہ قبلہ رخ ہو ورنہ ظالم ہو
آگ شعلہ دار کھانا	مال یتیم کھائے مگر اسکے مواخذے مین باخود ہو جائے
آگ کا اترنا اور غار مین فرو ہونا	صاحب خواب کی لوگ غیبت کرین۔

خواب	تعبیر خواب
آگ مین گوشت بریان کرتے اور کھاتے دیکھنا	غیبت مردم سے پاک و بری ہو اور رزق کم و رنج و زیر باری بڑی ہو۔
آتش سوزان پر دیگچے مین کھانا پکانا۔	منفعت مکان سے محروم رہے
اخروٹ کھانا	مکالمہ و مخاصمہ ہو روزی بے مشقت حاصل ہو
اسپ کا گوشت کھانا	نیک نام و فراخی رزق حلال ہو۔
اسپ نامعلوم کو دیکھنا	عظیم القدر و ہر دل عزیز ہو۔
اسپ کو کسی محلہ یا مکان مین دیکھنا	کوئی بزرگ اس مکان مین وارد ہو۔
اسپ کو اپنے مکان یا محلے سے نکلتے دیکھنا	وہ شخص نقل مکان کرے یا مرجاوے
اسپ وحشی کو نرم گردن تابع لگام دیکھنا	جس امر مین سعی و کوشش کرے موافق ہو

ردیف الف

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
آگ سے داغ کرنا	کوئی شخص سخت کلامی و بدزبانی کرے	اشتر پر سوار ہونا۔	دشمن پر غالب ہو
انگارے برستا	جسپر پڑین اُسکو گزند و عذاب پہونچے	اشتر مادہ پر سوار ہونا	عورت اُسکی عقیمہ رہے۔
آگ کا بازار یا دکان مین لگنا۔	بابت خرید و فروخت کے آپس مین نفاق پڑے قیمت بعد نزاع حاصل ہو	اسپ سرکش و منھ زور پر سوار ہونا۔	کوشش بے فائدہ ہو تنزل مراتب ہو۔
اعضا نامعلوم کا دیکھنا	دیدار ملائکہ علیہم السلام کی دلیل ہے	آدمی کا مغز دیکھنا	مال و خزانہ حاصل ہو۔
امور مہمہ و حصول مقاصد مطالب دیکھنا	تغیر احوال و نقصان امر پر دال ہے	آدمی کا مغز کھانا	جسکا مغز کھائے اُسکا مال کھائے۔
آسیابان و آسیا گردان دیکھنا	فاجر و مکار ہو	آدمی یا حیوان کا مغز کھانا	غیر کی کمائی کھائے ہچشمو نمین ندامت اٹھائے
اولاد وحشیان ماکول اللحم کا پانا	دلیل بغلمان و خدام ہے۔	آدمی کا گوشت پختہ یا بریان کھانا	جسکا گوشت کھائے اُسکی غیبت زبان پر لائے
آرد جو گندم وغیرہ کا دیکھنا	دلیل مال اندوختہ و فراغ بالی ہے۔	اُذن یعنے گوش کا دیکھنا	کسی عورت سے نکاح کرے وہ حلقہ بگوش رہے
آرد خمیر دیکھنا	کثرت نسل و اثمار باغ کی دلیل ہے زراعت کو افزائش فراخی رزق بعد تعب و محنت ہو	اُذن کی زیادتی ساتھ زیور و جواہر کے دیکھنا	نکاح دختر کی فال نیک و بدلی درجہ پر دال ہے

ردیف الف

خواب	تعبیر خواب
آب خرما وغیرہ کا دیکھنا	مال مکروہ و مشتبہ بدقت و رنج حاصل ہو
آواز آدمی کی سننا	آوازہ و شہرت درمیان خلائق کے بلند ہو بلندی و پستی آواز نسبت اُسکی بخت و نعمت کے منصوص ہو
آنکھ یا نگاہ میں کمی یا زیادتی دیکھنا	دین کی کمی و بیشی ہو و ضعف بصر و آشوب و سیلان چشم [illegible]
آنکھوں مین سرمہ لگانا	اصلاح دین کرے اور آدمی ہو نہیں اُسکو دین کی رونق دیت ہو
اشفار العین حاجبین یعنے کن آنکھوں سے دیکھنا	سلامت روی و نیک حالی دین کی دلیل ہے
اپنا تمام مکان یا کسیقدر منہدم دیکھنا	موت کی دلیل ہے
انگشتان دست دیکھنا	اولاد و برادران و کان خواہر کا ہو یا نماز پنجگانہ پر قائم ہو۔
انگشتان پا دیکھنا	آرایش دنیا و مال حاصل ہو۔

خواب	تعبیر خواب
آدمی کی ساعت کو زائل یا کم دیکھنا	کمی و بیشی دین مین واقع ہو۔
انگشتری دیکھنا	تعبیر بمال و ملک ہے۔
انگشتری میں خلل دیکھنا	جاہ و مال وغیرہ میں خلل واقع ہو۔
انگشتری کسی سے پانا	مال وغیرہ حاصل ہو اگر بادشاہ ہو ملک حسب خواہش ملے
انگشتری چھین جانا	جن چیزوں کا مالک ہو وہ جاتی رہین۔
انگشتری جانا یا گم ہو جانا	اُسکی کاروبار میں خلل پڑے یا کوئی صدمہ واقع ہو
انگشتری کا شکست ہو جانا	جس چیز پر قادر ہے جاتی رہے۔
انگشتری سونے کی دیکھنا	انگشتری مذکورہ ملے۔
انگشتری لوہے کی دیکھنا	کوئی خدمت بادشاہ کی طرف سے ملے۔
انگشتری کانسہ و پھول کی دیکھنا	جس چیز کا مالک ہو وہ خوار و حقیر ہو۔

ردیف الف

خواب	تعبیر خواب
اکل و شرب کے ظروف دیکھنا	خیام و غلام کی دلیل ہے۔
آئینہ دیکھنا۔	اگر عورت حاملہ ہو لڑکا جنے یا اپنی خدمت سے معزول ہو
آتشدان و دیگ وغیرہ دیکھنا	دلیل غم ہے۔
آئینہ دیکھنا عورت کا۔	اگر حاملہ ہو دختر اپنی صورت کی جنے ورنہ دوسرا عقد کرے
آئینہ دیکھنا طفل یا دختر صغیرہ کا	اُسکی ماد ر دختر یا لڑکا جنے۔
آبگینہ دیکھنا	جو ہر و ماہیت عورتوں پر واقف ہو یا کنیز و غلام ملین
ابابیل دیکھنا	کسی مرد بزرگ سے متمتع ہو۔
اسپ دیکھنا	حکومت و ریاست پائے عہدہ بڑا ہو۔
اسپ سے گرتے ہوئے دیکھنا	عہدے سے معزول ہو نہایت ملول ہو۔
اسپ کا شہر یا کوچہ مین دوڑتا	سیلاب و شدت بارش کی ہو اگر زین بھی ہے تو رنج و خوشی توام ہو

خواب	تعبیر خواب
اسپ پر سوار ہو کر قدم قدم چلنا	غلبہ و بزرگی حاصل ہو۔
اسپ کا پانا	غلبہ و بزرگی حاصل ہو۔
اسپ کے زین و لجام و رکاب وغیرہ مین کمی دیکھنا	نقصان مراتب ہو۔
اسپ کی دُم لنبی یا بھاری دیکھنا	خدم و حشم بقدر طوالت و حجم حاصل ہو۔
اسپ دم بریدہ دیکھنا	خدم و حشم مین کمی ہو۔
اسپ کے تمامی اعضا دیکھنا	شوکت و دبدبہ حاصل ہو۔
اسپ کا شوخی کرنا یا شور کرنا	مرتکب معصیت ہو اور امر ہولناک کو پہونچے
اسپ کا درمیان آسمان اور زمین کے پران یا شہر دیکھنا	دنیا اور آخرت مین کامیاب ہو۔

ردیف الف وبائے موحدہ

خواب	تعبیر خواب
...بلق ونقرہ دیکھنا	جس حال میں ہو اُسی حالت میں رہے۔
...مشکی دیکھنا	مال وسرور حاصل ہو۔
...کمیت دیکھنا	...وت صلاح ودین حاصل ہو۔
...گندم گون دیکھنا	زمین سخت میں گردش وگشت کرے
...سُرنگ دیکھنا	جمیع آفات سے امین رہے۔
...پر ہمردیف دیکھنا	ردیف اُسکے کام میں دخل کرے۔
...کا مالک یا اُسپر سوار ہونا	زن شریف ومبارک ملے۔
...سفید یا ابلق یا سیاہ دیکھنا	عورت مالدار وجمیلہ ملے۔
...مادہ سبز دیکھنا	عورت شاطرہ ومغنیہ ملے اور جو حادثہ اُسکی نسبت دیکھنے سے نسبت ہو۔
اسپ مادہ مشکی دیکھنا	عورت مالدار وجمیلہ ملے۔

ردیف بائے موحدہ

خواب	تعبیر خواب
بزرگان دین کو دیکھنا	خیر وبرکت کی دلیل ہے امید عنایت جلیل ہے
بادشاہ کو غیر مشہور جگہ دیکھنا	اُس جگہ آفت آئے زراعت برباد ہو جائے
بادشاہ کو عنایت کرتے ہوئے دیکھنا	دولت ونعمت پائے توقیر وعزت بڑھ جائے
بادشاہ کو غصے میں دیکھنا۔	غم واندیشے کی نشانی ہے قدر حشمت کی سرگردانی ہے
بت چاندی وسونے وچوبی کی پرستش کرتے دیکھنا	کسی عورت کو الزام لگائے خبیث وزیانکار کھلائے۔
باغ دیکھنا۔	سبز دیکھے تو موجب دولت ہے خشک باعث کلفت ہے

ردیف بائے موحدہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
بال سر کے کٹے دیکھنا	قرضدار ہو قرض ادا ہو جاۓ یا سفر حج پیش آۓ	بہرا آپ کو دیکھنا	علم دین میں نقصان ہو کمال پشیمان ہو۔
بالونکو تمام بدن پر دیکھنا	بقدر کمی وبیشی مال مردم یا زراعت کی زیادتی ہو	بلبل دیکھنا	حاکم سے نفع کی دلیل ہے مگر قلیل ہے۔
بال اپنے سفید دیکھنا	دلیل زیادتی عمر و حرمت و سبب از دیاد خیر و برکت ہو	بت آہنی کی پرستش کرتے دیکھنا	دین خراب دنیا کا طالب ہو۔
بال سر کے ایام حج میں منڈانا	اسکا یا اسکے رئیس کا مال تلف ہو اپنے کام سے بیکار ہو	بالونکو چہرے پر چھوٹا ہوا دیکھنا	توانگر کو نقصان مال مفلس کو جان کا وبال ہے
بھینس دیکھنا	کوئی بلائے سخت نازل ہو رنج و مصیبت شامل ہو	بالوں کا غیر مقام پر نکلنا	مقروض ہو سختی و مشقت کھینچے۔
باران رحمت برسنا	غلے کی ارزانی ہے خدا کی مہربانی ہے۔	بالوں میں نورہ لگانا۔	مالدار ہو نادار ہو محتاج توانگر ہو مریض شفا پائے
بت پرستی کرتے دیکھنا	احکام الٰہی سے بندش و شرابخواری و ریاکاری کی روش اختیار کرے		مقروض ہو قرض سے نجات پائے۔
بالوں کا دراز ہونا	تاجر کو نفع مزارع کو افزائش سپاہی کو سرداری	بیضۂ مرغ دیکھنا	فرزند ارجمند ہو دررنج بند ہو۔
	ہو اگر کچھ نہیں تو غم والم ہے	بانسری بجانا	سبب پریشانی و اندیشے کی نشانی ہے۔
بال سفید کا سیاہ دیکھنا	باعث خرابی ہے۔	بکتے آپ کو دیکھنا	فقیر توانگر ہو جائے توانگر پریشانی اٹھائے۔

ردیف بائے موحدہ

خواب	تعبیر خواب
بال مونچھ و بغل و زہار وغیرہ کے نذار دیکھنا	افزونی مال و ترقی دین ہو یا ولایت و حکومت نصیب ہو۔
بادام کھانا یا دیکھنا	دولت سے مسرور ہو کلفت دور ہو۔
باز و کتا دیکھنا۔	بھائی یا عزیز کا رنج اٹھائے ملال و غم پیش آئے
برف گرتے دیکھنا	موسم میں زیادتی مال ہے بغیر موسم میں رنج و نکال ہے
بھوکا آپ کو دیکھنا	قرض کی نشانی ہے۔ باعث حیرانی ہے۔
بیل کا گوشت دیکھنا۔	اگر زراعت یا آب کشی کا ہے مال حاصل ہو۔
بیل کو ذبح کرنا اور گوشت تقسیم کرنا۔	وہ فوت ہوا اور مال اُس کا تقسیم ہو۔
بچھڑے کو ذبح کرنا۔	بظلم و قہر مال کسی کا بجبن حیات اُس کے کھا جاوے ذرا سانس ڈکار نہ آوے
بالائی کھانا	مال بالائی پائے مگر جلد ملال سامنے آئے
بیل فربہ دیکھنا	موجب ارزانی غلہ ہے اگر برعکس دیکھے سبب گرانی ہے
بیل پر سوار دیکھنا	عورت دیکھے کسی سے نکاح کرے شوہر دار ہو شوہر پر غالب
بیل کے سینگ دیکھنا۔	مال اور عزت و صلاح ملے۔
بیل کے سینگ شکست ہو جانا	خدمت مقررہ سے معزول ہو۔
بیل کا سینگ مارنا۔	اپنے عمل سے معزول ہو ضرور گزند حصول ہو
برج دیکھنا	خوف و آفت کی نشانی ہے۔
برنج دیکھنا یا کھانا	رنج دور ہو سرور موفور ہو۔
بیمار آپ کو دیکھنا۔	عبادت میں خلل ہو رنج برمحل ہو۔
بھیڑیا دیکھنا	بادشاہ ظالم حاکم ہو۔

ردیف بائے موحدہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
بندر و بلی کا پنجہ مارنا	بیماری کی علامت کم عمری کی دلالت ہی	بھیڑی کا دودھ پینا	زر کثیر پائے محتاج ہو تونگر ہو جائے
بردہ بیچنے دیکھنا	افلاس کی نشانی ہی جب رنج وحیرانی ہے	بلی کا اپنے یا غیر کے گھر میں	اُسکے گھر سے مال چوری جائے
بردہ خریدنا	حاصل سُرور ہو فکر دور ہو	داخل ہونا	
بچھونا زمین پر بچھانا	عمر دراز ہو در راحت باز ہو۔	بلی کا غرانا	صدمہ مرض اٹھائے مغلوب دیکھے جلد آرام پائے
بلی کا دانت مارنا۔	مرض کو طول کمال ہو قیام ایک سال ہو	بندر کو دیکھنا	نہ نفع نہ ضرر ہے مگر غالب ہونا پر خطر ہے
بنار یا بازار دیکھتا	باعث خطر عظیم ہی یا شاعر و دانشمند و حکیم کی دلیل ہے	بکری یا بکرے کا گوشت پکا ہوا کھانا	روزی فراخ ہو۔
بھیڑی دیکھنا	عورت شریف و صاحب نصیب ملے	بکری کا گوشت خام یا پختہ کھانا	کسی کی غیبت کرے یا مال کھاوے یا
بھیڑ بارادہ خورش گوشت ذبح کرنا	عورت شریف و مالدار سے خیر و مال حاصل	یا اُس سے آدمی کو مارنا	دشنام دہی کرے۔
بھیڑ کی چربی و گوشت و پوشت	کرے مال غنیمت ملے۔	بکری کا گوشت بریان کھانا بکری کی	روزی برنج و تعب پہونچے۔
و پشم و مینگنی وغیرہ پانا		کھال کشیدہ کسی کے گھر میں یا غلے میں لانا	جس مقام پر دیکھے وہاں کوئی شخص مرجاوے

ردیف بائے موحدہ

خواب	تعبیر خواب
برّہ وبزغالہ پانا	فرزند ارجمند پیدا ہو
برّہ وبزغالہ بغیر قصد گوشت کے ذبح کرنا	پسر یا کوئی عزیز مرجاوے۔
برّے کا گوشت کھانا	بدولت پسر مالدار ہو
بوچڑ کو دیکھنا	نا آشنا ہے تو موت کی دلیل ہے ورنہ تلاش دنیا میں خوار و ذلیل ہے۔
بایان طبلہ دیکھنا	گھر میں شادی ہو اور غم سے آزادی ہو
بکری یا اُسکے عضو کو کھانا۔	کوئی شخص عزیز و اقارب سے مرجائے
بکری کے سینے کا گوشت کھانا	اُسکے گھر میں کوئی عورت مرجائے
بکری کا استخوان پہلو چبانا	رنج و تعب حاصل ہو۔

خواب	تعبیر خواب
بکری کے اعضا دیکھنا	برادر یا پسر یا عزیزون سے کوئی مرجائے
بیضے بدون زردی کے کھانا	زنان جمیلہ وعفیفہ کی مباشرت سے محفوظ ہو
بڑھئی کو دیکھنا	لوگوں پر ظلم کرے۔
باورچی کو دیکھنا	بہ سعی و کوشش رزق حاصل کرے
بلبل کو دیکھنا	غلام یا دفانہ نکلے۔
بیضۂ جانوران نامعلوم کا دیکھنا	عورت جمیلہ ملے بشرطیکہ بیضون کا مالک ہو۔
بیضۂ پختہ یا برشتہ یا خاگینہ کھانا	مال و روزی حلال سے متمتع ہو۔
بیضۂ خام کھانا	مال حرام ملے
بازوار کو دیکھنا	بعد خیر کے شر بعد شر کے خیر کرے۔
بازو دیکھنا	دشمن حسد کرے گو وہ بہت کید کرے

ردیف بائے موحدہ و فارسی

خواب	تعبیر خواب
بکری کا چرانا	لوگون پر حکومت ہو۔
بزنر و مادہ دیکھنا	خوف بہرہ مندی کی دلیل ہے
برات دیکھنا	عورت کو خوشی و سرور مرد نہایت بخور ہو
بحر مواج دہولناک دیکھنا	کسی بلا میں مبتلا ہو۔
بحر رواں وغیرہ ہولناک دیکھنا	کسی ملک کا مالک ہو۔

ردیف بائے فارسی

خواب	تعبیر خواب
پاؤں زمین پر مارنا	مصیبت مین مبتلا ہو رنج کا سامنا ہو۔
پاؤن دیکھنا	سفر پیش ہو۔
پائخانہ پھرنا	حصول علم سے خالی ہو مگر ملازم بزمرۂ عالی ہو

خواب	تعبیر خواب
پہلو دیکھنا	عورت خوبصورت ہاتھ آئے نہایت مسرت و راحت پائے
پل صراط دیکھنا	نیک کامون کی طرف طبیعت مائل ہو دولت دنیوی سے استغنائے کامل ہو
پیسا پڑا پانا۔	غم کی نشانی ہے نہایت حیرانی ہے۔
پیشاب کرنا	سختی جائے فراخی آئے مالدار نادار ہو جائے
پیشاب خون کرنا	پیٹ مین لڑکا مر جائے یا عارضہ سخت پائے مگر تدبیر سے اچھا ہو جائے۔
پارہ ہاتھ مین دیکھنا	روپیہ کثیر ہاتھ آئے مگر جلد صرف ہو جائے۔
پنجہ کتا دیکھنا	تنگدستی و حیرانی ہو نہایت پریشانی ہو۔
پان کھانا	ہمچشمون میں سرخرو رہے نہایت باآبرو رہے

ردیف باے فارسی

خواب	تعبیر خواب
پری یا پرستان دیکھنا	حصول علم عرفان ہو یا وصول بزم سلطان ہو
پیپ بدن سے جاری دیکھنا	مفلس کو فرحت دولتمند کو کلفت مریض کو صحت ہو
پھول دیکھنا	کسی گلرو پر عاشق ہو مبتلائے فعل فاسق ہو
پلہ در کا افتادہ دیکھنا	اُسکی لڑکیاں مر جائیں یا شوہر کرکے چلی جائیں۔
پلہ در کا بند کرنا	زوجہ کو طلاق دے۔
پلہ اور مقفل کا کھولنا	دور اضطراب ہو دعا مستجاب ہو۔
پیرس دیکھنا	اگر نامعلوم ہے تو خوبی و زبونی و کمال و نقصان سال سے مراد ہے۔
پروانہ دیکھنا	ردیکاری حاکم مین مبتلا ہو پریشانی کا سامنا ہو
پرانا کپڑا پہننے کا دیکھنا	افلاس شمول ہو تردد حصول ہو۔

خواب	تعبیر خواب
پسیا ہاتھ مین دیکھنا	حرص بڑھے نیک کاموں مین خلل پڑے
پھپھولا ہاتھ مین دیکھنا	روپیہ بہت پائے یا دُرِ شہوار ہاتھ آئے
پوری کھانا	غیب سے روزی پائے نعمت اچھی چکھنے مین آئے۔
پیوندی بیر کھانا	فرزند دلبند ہو یا رتبہ بلند ہو۔
پنیر بکتے دیکھنا	بدکاموں میں مشہور ہو نہایت مغرور ہو۔
پنجرا دیکھنا	قید میں مبتلا ہو رنج کا سامنا ہو۔
پستان دیکھنا	عورت ملے یا اولاد ہو دولت سے دل شاد ہو۔
پوست دیکھنا	مال متروکہ مُوتیٰ ملے۔
پوستین دوز دیکھنا	تجارت یا دیگر پیشے مین نفع عظیم حاصل ہو۔
پہاڑ کا مالک و متصرف ہونا	اپنے دشمن پر قادر ہو۔

ردیف بائے فارسی و تائے فوقانی!

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
پہاڑون کو زلزلے میں دیکھنا	علمائے دین کے حق مین بدی زبون از حد ہے		ردیف تائے فوقانی
پنیر کھانا	رنج و مصیبت میں مبتلا ہو پریشانی سوا ہو		
پہاڑ میں نقب و سوراخ یا غار کرنا	بحیلہ و فریب کسی پر غالب آئے۔	تلوار ہلانا اور میان میں ٹوٹ جانا یا میان ٹوٹ جانا	لپسر بطن مادر مین مرجاوے تلوار سالم ہو تو پسر سلامت رہے مادر مرجاوے۔
پستہ دیکھنا	مال نیک حاصل ہو۔		
پسلیوں پر کوئی صدمہ دیکھنا	جو صدمہ دیکھے وہ اُسکی عورتون میں واقع ہو	تل یعنے کنجد دیکھنا	باعث افزونی و عدم زوال مال ہے۔
پیٹھ کی ہڈیاں اور پیٹھ دیکھنا	عز و شرف پاوے یا اولاد ہو۔	تلوار یا تیر یا نیزہ یا لاٹھی سے آپ کو مقاتلہ کرتے دیکھنا	رتبہ و غلبہ حاصل ہو۔
پہاڑ و ٹیلے پر چڑھنا۔	مرتبۂ بزرگ حاصل ہو۔		
پہاڑ پر آپ کو دیکھنا۔	اپنے ہم مثل پر فضیلت پاوے۔	تلوار وغیرہ دو دیر پکوڑتے دیکھنا	منازعت و مخاصمت فی مابین اقوام کے ہو۔
پہاڑ ڈھایا دیکھنا۔	کسی کو ہلاک کرے	تلوار برہنہ کسی سے پانا اور سر سے بلند کرنا۔	صاحب غلبہ و شہرت ہو یا دختر صالح پیدا ہو۔
پہاڑ کی چوٹی پر چڑھا	بطلب امور دینوی مشقت و شدت اٹھاوے		

ردیف تاے فوقانی

خواب	تعبیر خواب
تلوار پر تلے مین لٹکائی دیکھنا	کسی شہر کا حاکم ہو۔
تبسم کرنا	رنج وغم کا سامنا ہو۔
تعویذ پانا۔	آسیب سے آسیب پائے مگر بعد عرصے کے اچھا ہو جائے
نکلنے سے بال گوسفند وغیرہ کے کاٹنا۔	سفر مین مال حاصل ہو عورت اگر دیکھے تو شوہر غائب شدہ آجائے۔
تلوار کی آواز سننا۔	کلام مین فروغ نہ ہو۔
توپ دیکھنا۔	دشمن پر غالب آئے دنیا مین نیکنامی پائے
تکیہ پانا۔	بزرگی حاصل ہو بزرگوں میں شامل ہو۔
تل چبانا۔	چوری میں مبتلا ہو گرفتاری کا سامنا ہو۔
تبرید پینا۔	مریض شفا پائے تندرست ہو بیمار ہو جائے
تلوار کا قبضہ ٹوٹ جانا	باپ یا چچا یا مثل انکے کوئی مرجاوے۔
تلوار کی نوک ٹوٹ جانا	ماں یا دادی یا خالہ یا کوئی مثل انکے مرجاوے
تلوار برہنہ اپنے ہاتھ مین دیکھنا	لوگون سے زبان درازی کرے۔
تلوار کا اپنا ور کوتاہ دیکھنا	جس ولایت مین ہو اُس سے برخاست ہو۔
تکلے پر چک کا پٹا پانا	اُسکی دختر کی شادی ہو۔
تنبو بجانا۔	عہدہ پلٹن پائے یا سامان شادی پیش آئے
توڑا گلے مین پہننا۔	نیک کام سے اجتناب کرے آرائش دنیا بحساب کرے
تیر نشانے پر مارنا	امید بر آئے احمقون مین عزت پائے۔
تیتر دیکھنا	دلیل اقبال ہے موجب زیادتی مال ہے۔
تیتر کا مکان سے اُڑ جانا	زوال دولت ہو موجب رنج و کلفت ہو۔

ردیف تای فوقانی و پارسی

خواب	تعبیر خواب
تنور دیکھنا	دلیل نعمت و ترقی دولت ہے
تابوت اپنا دیکھنا	موجب زیادتی زندگانی و کامرانی ہے
تار کھینچنا	سبب پریشانی و حیرانی ہے
تاج دیکھنا یا پانا	بزرگی پائے تارک الدنیا ہو جائے بادشاہ ہے پائے حکومت ہاتھ آئے۔
تکلہ پانا	عورت دیکھے لڑکی جنے یا اُسکی بہن پیدا ہو
تخت دیکھنا یا تخت پر بیٹھنا	حاکم ہو یا بادشاہ ہو راحت خاطر خواہ ہو
تھوک منھ سے بہنا۔	دلیل خست ہے سبب کربت ہے۔
تیر و تبر وغیرہ دیکھنا	بمنزلہ برادر یا پسر کے ہے۔

ردیف تای فارسی

خواب	تعبیر خواب
ٹڈی قلیل دیکھنا	لشکر کی سرداری پائے یا تنخواہ بیش ہاتھ آئے
ٹنڈیاں اپنی کسی پھر کھلجانا	گناہوں سے استغفار کرے خدا اُسکا بیڑا پار کرے
ٹھلیا پر دیکھنا	عورت جمیلہ پائے یا مال ساتھ لائے۔
ٹھلیا دیکھنا	عورت اچھی پائے یا خدمتگار اچھا ہاتھ آئے
ٹٹو پر سوار ہونا	سفر تجارت پیش آئے مگر نفع بیش
ٹڈی بکثرت دیکھنا	کسی ملک کا حاکم ہو۔
ٹڈی کا آنا و زراعت و سبزہ زار وغیرہ کا کھا جانا ہے	گرانی غلہ کی علامت ہے قحط کی اشارت ہے۔

ردیف ثائے مثلثہ و جیم تازی

خواب	تعبیر خواب
ثمر خام دیکھنا	خام تحصیل کہلائے جس کام کو شروع کرے ناتمام رہ جائے
ثریا دیکھنا	مملکت و ملک ہاتھ آئے مثل انجم پیادہ ہو خلق کی پناہ ہو۔

ردیف جیم تازی

خواب	تعبیر خواب
جنگل ہرا دیکھنا	رنج دفع مسرت کا سامنا ہو خشک دیکھے بالعکس دیکھے
جنازہ دیکھنا	صحت و مسرت و افزونی دولت و حشمت ہو
جراحت بدن میں دیکھنا	فرزند خوش نصیب پیدا ہو یا کسی معشوق پر شیدا ہو
جھنڈا سرخ دیکھنا۔	خوشی حاصل ہو مسرت شامل ہو۔
جھنڈا زرد دیکھنا۔	عارضہ سخت میں بندہ بیماری سے حد زیادہ ہو۔
جھنڈا نیلا دیکھنا۔	عمر دراز ہو در راحت باز ہو۔
جھنڈا سفید دیکھنا۔	بڑا ایماندار ومیں شامل ہو درجہ ابرار کا حاصل ہو۔
جھنڈا سیاہ دیکھنا	سردار لشکر کفار ہو نہایت جفا کار ہو۔
جہاد کرنا	دنیا و عقبیٰ میں وقار ہو عاقبت میں بیڑا پار ہو
جہاز دیکھنا	سفر حج پیش آئے مفارقت عزیز و خویش پائے۔
جوتا تنگ پہننا	جورو جنگ کرے نہایت تنگ کرے۔
جونک دیکھنا	عارضے میں مبتلا ہو رنج و تعب کا سامنا ہو
جوں دیکھنا	ضعیف و حقیر ہو ہر ایک کی آنکھ میں بے توقیر ہو۔
جواہر دیکھنا۔	علم سے بہرہ یاب ہو جہل سے اجتناب ہو۔
جوں دیکھنا یا کھانا۔	روزی ملے کلفت ٹلے

ردیف جیم تازی

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
جذام دیکھنا	مال کثیر حاصل ہو فراغت شامل ہو۔	جوتا جلجانا یا چھن جانا	زوجہ کو طلاق دے یا مرجائے یا جاریہ آزاد کرے
جنوں دیکھنا	مال کثیر ہاتھ آئے مگر بیجا صرف ہو جائے	جراب دیکھنا	ادیم کی ہے تو متولی مال زکوۃ ہو اگر دریدہ ہے تو مال سے صدقہ زکوۃ نکالے۔
جامہ ریمناک دیکھنا	دنیا و آخرت میں خراب حال رہے۔		
جامہ پارہ پارہ وبہم دوختہ دیکھنا	فقر و محتاجگی کی علامت ہے زمانے کی شکایت ہے	جولاہے کو دیکھنا	سفر درپیش ہو۔
جنت میں داخل ہونا۔	داخل جنت ہو دونو جہان میں راحت ہو۔	جہنم میں داخل ہونا	مال بد ہو جہنم نصیب ہو کر توبہ کرے خدا بھلا کرے
جنت کا میوہ کھانا یا کسی کو دینا	مجبر احکام شریعت ہو۔	جامہ سوزن کار پہنے دیکھنا	دنیا و آخرت بخیر و خوبی حاصل ہو۔
جنت کا میوہ پانا اور نہ کھانا یا کھانے پر قادر نہونا۔	دین حاصل ہو مگر اس سے متمتع نہو یا علم حاصل ہو۔ فائدہ نہ اٹھائے۔	جبہ استردار دیکھنا	عورت عفیفہ وجمیلہ ملے۔
		جوتا شکستہ دیکھنا	زوجہ مرجائے یا بار اور دوخواہر سے فراق ہو جائے
جنت کی چشمونکا پانی پینا یا لباس جنت کا پہننا	دنیا میں راحت و آخرت میں عشرت ہو۔	جامہ دریدہ کی حالت میں خواستگاری زن کرتا	درستی امور کرے۔

ردیف جیم فارسی

خواب	تعبیر خواب
جانوران درندہ دیکھنا	دشمن سے ایمن رہے۔
	ردیف جیم فارسی
چاند دیکھنا	بادشاہ یا عالم یا حکیم ہو یا بزرگ عاقل فہیم ہو
چاندنی چھٹکی دیکھنا	فراخی نعمت ہو۔
چاندی گلاتے دیکھنا	مال مشقت سے ہاتھ آئے لیکن صرف کرسکے برباد ہو جائے
چھینکنا	جس مطلب میں شک ہو وہ بیشک ہو۔
چھال کسی درخت کی کھانا	فلاکت کا مبتلا ہو ہلاکت کا سامنا ہو
چوکھٹ چومتے آپکو دیکھنا۔	زن مرید بیحد ہو فاسق شدید از حد ہو۔

خواب	تعبیر خواب
چاند گہن دیکھنا	حاکم وقت پر آفت سخت آئے یا غلہ گران ہو جائے
چراغ روشن دیکھنا	عمر بڑی ہو اولاد ہو یا شادی کرے بیوی سے گھر آباد ہو۔
چغد کو اڑتے دیکھنا	بلا سے اور غم سے رہائی پائے غم مبدل بہ شادی ہو
چتر دیکھنا	حکومت و ریاست پائے یا دولت بیحد ہاتھ آئے
چوہا دیکھنا	عورت بدسیرت و بدصورت پائے رنج و غم اٹھائے
چوب خشک دیکھنا۔	نفاق دین میں ہو اگر خود کی ہو تو غمازی کرے
چوب دستی دیکھنا۔	عمر دراز ہو مرتبہ عالی پر سرفراز ہو۔
چنا و چھوٹی جوار و باجرا دیکھنا۔	روزی بدقت و خواری ملے۔
چقندر چار مغز مولی گاجر وغیرہ دیکھنا۔	روزی بدقت و خواری میسر آئے اور جو صدمہ ہو وہ مدت دراز تک رہے۔

ردیف جیم فارسی و حای مہملہ

خواب	تعبیر خواب
چاندی یا سونے کی شی پہنی دیکھنا	کشائش رزق ہو
چاندی کے ظروف ہر قسم کے دیکھنا	زوال مال ہو یا قہر سلطانی عائد حال ہو۔
چلتے مادہ کا دودھ پیتے دیکھنا	نیکنام ہو۔
چیونٹیوں کو اپنے گھر یا اور کسی جگہ دیکھنا	جہان دیکھے وہان کی نسل و شاخین بڑھین۔
چنا مسور ماش سبز دیکھنا	مالہائے حرام پائے نہایت رنج اٹھائے
چادر یا کسی لباس مین پیوند لگانا	زیادتی معیشت و روزی نیک کی دلیل ہے
چکی و آٹا پینے والا غیر شخص اپنے گھر مین دیکھنا۔	دوسرے کی مشقت رزق ملے اگر خود ہے تو مشقت سے روزی ملے یا حرب پیش آئے۔

ردیف حای مہملہ

خواب	تعبیر خواب
حرم شریف دیکھنا	خداوند کیطرف سے عفو تقصیر ہو ہمچشمون مین توقیر ہو۔
حمام مین جانا اور غسل کرنا	حاصل مسرت ہو دور مصیبت ہو۔
حق تعالی کو حساب کرتے دیکھنا	گناہ معاف ہو صاحب داد و انصاف ہو
حوض دیکھنا	خیر و برکت کی علامت ہے مژدے کی بشارت ہے
حمام کی بنا ڈالنا	عورت سے ہم بستر ہو دشمن جلکر خاکستر ہو۔
حمام کو سرد و بے آب دیکھنا	عورت خراب ملے۔
حلوا دوسرے کے ہاتھ مین آنا	اُس شخص کو مال غنیمت اور میراث اور غلہ ملے
حقہ پینا۔	مرض سے نجات ہو معشوق سے ملاقات ہو

ردیف حاے مہملہ

خواب	تعبیر خواب
حیض سے پاک ہو کر غسل کرنا	مغفرت کی دلیل ہے صحت ہو اگر علیل ہے
حور دیکھنا	جنت نصیب ہو دعا مجیب ہو قبول ہونیوالی
حکم عورت کا ماننا	فعل نسا میں مبتلا ہو رسوائی کا سامنا ہو۔
حلال کرنا جانوروں کا	کار خیر زیادہ ہو حاکم وقت سے فائدہ ہو۔
حلوا کھانا	علم اکتساب کرے جہل سے اجتناب کرے
حلوے یا کسی شیرینی کا اپنے ہاتھ میں آنا۔	اپنی مشقت کا اجر پاوے۔
حیض جاری اپنی زوجہ کا دیکھنا۔	کوئی فریفتہ ہو یا اُس سے حاملہ ہو۔
حمل دیکھنا	دنیا میں مرتبہ حاصل ہو مال میں افزایش کامل ہو۔

خواب	تعبیر خواب
حمل میت بغیر جنازہ دیکھنا	حامل مال حرام ہو اگر بطریق جنازہ دیکھے کسی خدمت سلطانی پر مامور ہو۔
علاج یا پنبہ کش کو دیکھنا	خیر و برکت حاصل کرے فسق و فجور زائل کرے
حمام میں پیشاب کرنا یا نورے سے بال مونڈنا	رنج سے راحت عارضے سے صحت پائے
حدث کرنا	بقدر زبانی و کمی کے مال تلف ہو۔
حدث خون و ریم و کپڑی وغیرہ کا کرنا	محتاج توانگر اور توانگر محتاج ہو جائے۔
حدث ریح مع الصوت کرنا	طامات بیہودہ زبان پر لاوے خلق میں مسخرہ کہلاوے
حائض آپ کو دیکھنا	مرتکب امر حرام ہو خلق میں بدنام ہو۔
حفر قبر خود کرنا۔	مکان تو تعمیر کرے حسد صغیر و کبیر کرے

ردیف خائے معجمہ

خواب	تعبیر خواب
حجام کو دیکھنا۔	کسی مرد متمول وظالم سے کام پڑے۔

ردیف خائے معجمہ

خواب	تعبیر خواب
خرگوش دیکھنا	نہ نفع ہے نہ ضرر ہے
خربوزہ کھانا	دولت ہاتھ آئے مگر جلد زوال پائے۔
خرما تازہ دیکھنا	زیارت حرمین نصیب ہو جو دعا کرے مجنت ہو
خانہ باغ مین آپ کو دیکھنا۔	مرض سقیم سے افاقہ پائے مریض ہو صحیح ہو جاوے۔
خانہ تاریک میں تنہا ہونا	بیماری سے گو رجہانگی یا افلاس سے خاک پھانکے
غلغلہ کرتے دیکھنا۔	فسق و فجور سے محفوظ رہے دبیہا اور لعنت سے محفوظ رہے

خواب	تعبیر خواب
خچر کا گوشت کھانا۔	عورت کا مال ہاتھ لگے مگر حرام میں خرچ ہو جائے
خچر پر سوار ہوتے دیکھنا	مالک خچر کی عورت سے نکاح کرے ہر ایک کی شماتت کرے یا مغلوب دشمن ہو عورت دیکھے کسی مرد سے نکاح کرے
خصیہ دیکھنا	قوت باہ زیادہ ہو سواری ملے اگر پیادہ ہو۔
خوشہ پانا۔	سفر کرے یا کیسہ زر پائے یا کنیز دوشیزہ ہاتھ آئے
خر پر آپ کو سوار دیکھنا	رسوائی کی نشانی ہے پشیمانی پیش آتی ہے۔
خربوزہ سبز یا زرد دیکھنا	اگر سبز ہو رزق ملے اگر زرد ہو تو مرض مین مبتلا ہو
خاک ورنگ کا کھانا	مال عظیم دولت مستقیم حاصل ہو۔
خطبہ منبر پر پڑھتے دیکھنا۔	اگر لایق ہو مرتبہ بزرگی حاصل ہو ورنہ قطع دست کا رنج شامل ہو یا برادری سے خارج ہو

ردیف خاے معجمہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
خون بغیر زخم کے بدن سے بہتے دیکھنا	مال حرام دستیاب ہو۔	خر وقف یا دونوں پہلو سفید دیکھنا	مبارک اور باعث کثیر الخیر کا ہے۔
خون ریم آلود نکلنا اور جامہ و بدن آلودہ نہ ہونا	ضرر اراضی یا فلکی یا جسمانی دفع ہو۔	خر پر سے اترنا	منصب سے اترنا ہے۔
خون پچھنے سے لینا	کسی امانت کا امانت دار ہو مگر نشان شناخت پر قرار ہو	خر خرید کرنا	خبر خیر و کلام خوش انجام بیان کرے
خون آلودہ ہونا اور غلیظ میں لتھڑنا	مال حرام غیر طیّب ملے۔	خر کا خچر ہو جانا	سفر پیش ہو مفارقت یگانہ وخویش ہو۔
خروج منی بغیر مباشرت عورت کے دیکھنا	باعث قتل انسان ہو۔	خر کا گھوڑا ہو جانا	بادشاہ یا کسی مرد شریف سے معاش حاصل ہو
خلخال یعنی پازیب پہنے دیکھنا	سختی وخوف وقید مثل اسکے کسی بلا میں مبتلا ہو۔	خر گوشت کھانا یا رغبت اُس کو ذبح کرنا۔	مال حرام ملے۔
خط کی نسبت سے یادتی یا زبان دیکھنا	صاحب خیر و برکت ہو۔	خر مادہ کا دودھ پینا۔	تندرست بیمار ہو جائے بیمار تندرست ہو جائے
		خنزیر یعنے سور کا دیکھنا۔	مال حرام ملے۔
		خطبہ خوان کو دیکھنا	فقہ و علم دین حاصل ہو۔

ردیف دال مہملہ

خواب	تعبیر خواب
خبر رسان یا بردہ فروش یا چوب تراش کو دیکھنا	عہدۂ اخبار نویسی پر مامور ہو۔

ردیف دال مہملہ

خواب	تعبیر خواب
دانت اپنے گرتے دیکھنا	عمر دراز ہو در راحت باز ہو
دانت سونے اور چاندی کے دیکھنا۔	بیماری کی علامت ہے باعث فلاکت ہے صدقہ دے ردّ بلا ہو۔
دانت آپ سے اکھاڑنا	بیٹے کو نامہ عاق دی یا جورو کو طلاق دے۔
دانت سیاہ یا لکڑی یا موم کی دیکھنا	آثار ہلاکت یا باعث مصیبت ہے صدقہ دینا ضرور ہے
درس دینا	اگر فقہ و علم ادب و حدیث و حکمت و منطق و انگریزی دیکھے دو دولت دنیا سے مالامال ہو

خواب	تعبیر خواب
درخت پھولوں کا دیکھنا	روپیہ بیشمار پائے یا معشوق نوبہار ہاتھ آئے
دروازہ عالیشان دیکھنا	عورت نیک پائے یا کوئی سرکار بڑی ہاتھ آئے
دمدمہ یا دھس بنانا	بلند ہمت ہو صاحب عزت و حرمت ہو
دوات دیکھنا	روسیاہی حاصل ہو صدقہ دے بلا زائل ہو
درخت میوہ دار دیکھنا	دلیل برخورداری ہو بے ثمر سے دلیل خواری ہے
درخت پر آپ کو چڑھتے دیکھنا	مرتبہ بلند پائے یا حاکم سے فائدہ اٹھائے۔
دریا سے پار ہونا	تحصیل علم سے فراغت ہو رنج مبدل براحت ہو
دریا میں آپ کو ڈوبتے دیکھنا	نیک کاموں سے کنارہ کرے برے کاموں میں جا پڑے
دھواں دیکھنا	فتنہ و فساد اٹھے دوستوں میں غبار ہو ہر ایک کی نظر میں بے اعتبار ہو۔

ردیف دال مہملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
دودھ عورت کا	اگر منکوحہ ہی تو الفت بڑھائے اگر غیر منکوحہ ہے فائدہ پہونچے	دیوانے کو دیکھنا	فکر مین مبتلا ہو آفت کا سامنا ہو۔
دختر پیدا ہوتے دیکھنا	عورت دیکھے پسر ہو مرد دیکھے دختر ہو۔	دلدل دیکھنا	رہنما پائے گناہون سے توبہ کرے۔
دوزخ کے عذاب میں آپکو	جورو بدصورت وبدسیرت ملے تنگ کرے	دوشالہ پانا	امیر سے عزت پائے یا زن مالدار ہاتھ آئے
گرفتار دیکھنا۔	نہایت زندگی بہ تنگ کرے۔	دیوار پر کھڑا ہونا اور اسپر سے گرنا	مرتبہ پست ہو یا ملاک بے جہت ہو۔
دوزخ میں آپ کو دیکھنا	سفر بصورت سفر پیش آئے مگر مع الخیر واپس آئے	درخت پاکیزہ خوشبودار دیکھنا	مرد شریف سے ملاقات ہو از حد مدارات ہو۔
دلدل دیکھنا	مال سے مالا مال ہو ترقی دولت واقبال ہو	درخت بے ثمر دیکھنا	شخص بخیل سے علاقہ ہو فائدہ کمتر ہو۔
دل دیکھنا	اہل دلوں مین شمار ہو یا متلاشی درم و دینار ہو	درخت بدبو کا دیکھنا	مرد خبیث سے سابقہ ہو رنج لاحق ہو۔
دودھ جانوران حلال کا پینا	روزی حلال پائے اگر بالعکس ہے عورت بدکار سے ملاقی ہو	دانہ گندم تر و تازہ دیکھنا	دین میں صلاحیت ہو رزق حلال وطیب ملے
دیو کا دیکھنا	خوشتر دیکھے مرتبہ پائے بدشکل دیکھے رنج اٹھائے	دانہ گندم خشک یا پکے ہوا	زبون ہے شر رہنمون ہے۔
دہی دیکھنا	سفر پیش آئے مگر خیر و عافیت سے گھر آئے	ابالے دیکھنا	

ردیف دال مہملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
دروازہ اپنے گھر کا کھد جانا یا نیا بنانا	مکان بیع کرے یا زوجہ اُسکی دوسرا نکاح کرے۔	درخت لگانا اور اُسکا سایہ دار اور بلند ہونا۔	شرف اور عزت کو پہونچے۔
دروازہ اپنے گھر کا گر پڑا دیکھنا	مریض ہو گر فضل الٰہی سے جلد صحت ہو	دختر صغیرہ کا پیدا ہونا	فرحت سرور ہو لڑکا دیکھے غم موفور ہو۔
دروازہ غیر کے گھر کا کھد گیا یا گر پڑا دیکھنا	صاحب خانہ کو موت آئے یا اُوسکی زوجہ مرجائے۔	دانت واحد کا گرنا	قرابت دار مرجائے شادی مین غم سامنے آئے
درخت ہر قسم کا دیکھنا	بدیکھے بدی حاصل ہو اچھا دیکھے بہتری شامل ہو	دانتونکا ایکبارگی گرجانا	عمر دراز ہو کل اُقارب مرجائین مگر اسکو زندگی جانگداز ہو
درختوں سے پھل پتے پانا	رزق بقدر عظمت درخت حاصل ہو۔	دانتونکو حرکت وجنبش مین دیکھنا	کوئی شخص گھر کا مریض ہو۔
درخت خاردار کا دیکھنا	باعث رنج وغم ہے۔	دانتونکو کپڑی یا چیت یا گھر مین رکھلینا	اولاد یا بھائی یا بیٹون سے مستفید ہو۔
درہم واحد کا ضائع یا چوری جانا	فوت پسر ہو رنج سر لبسر ہو۔	دانتونکو کچھ کھاتے یا چباتے دیکھنا	بعض گھر والون کو عارضہ بدنی نصیب ہو۔
		دانتونکی درازی یا دانت پر دانت نکلنا یا سفید یا چمکیلے دیکھنا	بزرگان قریب تر سے بہبودی دیکھے۔

خواب	تعبیر خواب
دانتوں پر کچھ صدمہ دیکھنا	کوئی صدمہ اُسکے بزرگوں پر واقع ہو۔
دفن خود بلا مرگ دیکھنا	اپنے کام میں سختی دیکھے یا قید ہو
دُرفشانی وگہرریزی راہون وگھرون بازارونین دیکھنا	علم حکمت حاصل کرے مگر بے محل صرف کرے۔
دینار مجہولۃ النوع و مجہولۃ التعداد دیکھنا	عزت و ناموس مین خلل واقع ہو
درہم قلب پانا	کسی سے کلام خصومت آمیز کرے۔
درہم کا تھیلی یا ہمیانی مین پانا	رازدار کسی سرکار کا ہو

ردیف دال فارسی

خواب	تعبیر خواب
ڈاڑھی اندازے سے زیادہ دیکھنا	مبتلائے رنج ہو

ردیف دال فارسی

خواب	تعبیر خواب
ڈاڑھی اپنی سیاہ دیکھنا	اقبال جوان دولت سے شادمان رہے۔
ڈاڑھی گنجان دیکھنا	توانگر کو زیادتی مالی ہو مفلس کو ترقی اہل وعیال ہو
ڈاڑھی پچی دیکھنا	بیوی سے جوتی پیزار ہو نہایت بیزار ہو۔
ڈول دیکھنا	خالی دیکھے ڈانواں ڈول رہے بھرا ہو روٹی سی پڑ رہے
ڈاڑھی چڑھی دیکھنا	خجالت و پشیمانی لاحق رنج و مصیبت لاحق ہو۔
ڈاڑھی و سر کے بال ایک ساتھ منڈے دیکھنا	مفلس متمول ہو مقروض قرض سے ادا ہو بیمار کو صحت ہو۔
ڈف بجانا	عورت کو بہتری دگور سوائی ہو اگر کچھ نہو تو زبونی ہو
ڈاڑھی خضاب کرتی دیکھنا	آرائش دنیا کی نشانی ہو انجام مین پشیمانی ہے۔
ڈاڑھی منڈی یا گرتی دیکھنا	تنزل مراتب ہو۔

ردیف ذال معجمہ ورا مہملہ

ردیف ذال معجمہ

خواب	تعبیر خواب
ذبح کرنا جانوران حرام کا یا دیکھنا	مال حرام کھائے فسق وفجور میں مبتلا ہو جائے
ذلت وخواری اپنی دیکھنا	عزت ووقار حاصل ہو
ذبح کرنا حلال جانوروں کا یا دیکھنا	حاکم سے نفع ہو تکلیف رفع ہو۔
ذکر خدا کرتے دیکھنا	مسجد میں دیکھے عابد ہو لب دریا دیکھے مرشد کامل پائے
ذاکر یعنی مرثیہ خوان کو دیکھنا	سبب دفع ملال ہے۔
ذکر زن کا ہو	اگر حاملہ ہو لڑکا جنے اور وہ لڑکا سردار قوم ومتمول ہو ورنہ کبھی لڑکا نہ جنے اگر جنے بھی تو مر جائے زندہ نہ رہے
ذکر خود مثل ذکر بہائم کے دیکھنا	کثیر النسل ہونے کی دلیل ہے
ذبح کرنا وحوش کا یا دیکھنا	کسی جاریہ خوردہ کا ازالہ بکر کرے اگر غیر موضع سے ذبح کرنا دیکھے تو خود لواطت کرے۔

ردیف را مہملہ

خواب	تعبیر خواب
رس دیکھنا	دلیل کامرانی ہے باعث شادمانی ہے
روزہ رکھنا	صالح ہو نیکی نشانی ہے دولت وحکومت آتی ہے
روزینہ مقرر ہوتے دیکھنا	بے نوکر ہو تو نوکر ہو جائے اگر نوکر ہو ترقی مدارج پائے
روشن دیکھنا	دوستوں سے فائدہ اٹھائے دولت دنیا ہاتھ آئے
رسی دیکھنا	راہ دین ہاتھ آئے خلقت کو راہ راست بتلائے
رسی کو بل دیتے دیکھنا	سفر پیش ہو مصیبت بیش ہو۔
رکابی دیکھنا	خدمتگار یا نعمت پائے یا ترک مذہب کرے رکابی مذہب کہلائے۔

ردیف راء مہملہ

خواب	تعبیر خواب
رن دیکھنا	مشکل پیش آئے مگر جلد حل ہو جائے
رنجک اُڑتے دیکھنا	تو نجانے میں نوکر ہو یا پریشانی حاصل ہو مگر جلد رفع ہو
روتے غیر کو دیکھنا۔	تجارت میں نفع پائے یا ہر ایک سے بدکلامی کرے یا پنبہ دہن کھلائے
رفو کرنا	خلائق کا پردہ پوش رہے مکروہات زمانہ سے سبکدوش رہے
ران دیکھنا	عورت کی شادی ہو پریشانی دور ہو خانہ آبادی ہو
رنگریز دیکھنا۔	دروغگوئی وریاکاری کی علامت ہے۔
رخسارہ دیکھنا	اگر حسین ہو قدر و جاہ بڑھ جاوے ورنہ معشوق چھپا پائے
روغن دیکھنا	اگر سیاہ ہو سفر سے سلامت پھرے زرد مبتلائے رنج و مصیبت رہے۔

خواب	تعبیر خواب
راب دیکھنا	پریشانی اُٹھائے صدمے پر صدمہ اُٹھائے۔
رشوت لینا	خلق میں بدنام ہو نامی طشت از بام ہو۔
راکھ دیکھنا	راحت کی نشانی ہے مگر قدرے پشیمانی ہے۔
رنج دفع کرنا۔	دفع مرض کی نشانی ہے مگر اللہ کی مہربانی ہے
روباہ دیکھنا	مکاری کی علامت ہے صدقہ دے رد بلا ہو۔
روزن دیکھنا	معشوق عیار محبوب مکار ملے۔
رانی دیکھنا	مصیبت میں مبتلا ہو ناچاری کا سامنا ہو۔
ریختہ دیکھنا	کالی بلا نازل ہو رنج و تعب حاصل ہو۔
رعد مع باد و باران دیکھنا	جبر سلطان سے خوف ہے۔

ردیف رای مہملہ وزای معجمہ

خواب	تعبیر خواب
ریگ و خاک کا کھانا یا اُن کا	مال عظیم حاصل ہو اگر اُسپر چلنا پھرنا دیکھے
غبار اپنے اوپر دیکھنا	مقصد بدیر حاصل ہو۔
رات کا دیکھنا	گردش زمانہ سے صدمہ اٹھائے
روغن ساز کو دیکھنا	دلیل حیل سازی وسخن پردازی کی ہے۔
روتا اپنے کو دیکھنا	خوشی ہو یا گناہ سے توبہ کرے

ردیف زاے معجمہ

خواب	تعبیر خواب
زمزم کا پانی پینا	زہد وتقوی کی نشانی ہی فکر وتردد سے نجات ہاتھ آتی ہے
زکوٰۃ دینا	تجارت میں نفع ہو فکر وتردد رفع ہو۔
زبان سے لعاب گرتے ہوئے دیکھنا	مرض وصعوبت کی نشانی ہی صدمے ردّ بلا ہو
زراعت دیکھنا۔	رزق میں برکت ہو مفلس ہو ثروت ہو۔
زنجیر دیکھنا	محاسی میں مبتلا ہو پریشانی کا سامنا ہو۔
زنجیر ہاتھ میں دیکھنا۔	گناہ میں آلودہ ہو مصیبت اندوہ ہو۔
زوجہ کا مرجانا	عورت کو طلاق دے یا خود چلی جائے
زنبور دیکھنا	دشمن سے مقابلہ ہو باہم مقاتلہ ہو
زمین کھود کر پانی پینا	بمشقت روزی پائے شب و روز غم وغصہ کھائے
زندہ کو مردہ دیکھنا	جسکو دیکھے اُسکی ترقی حیات ہو دور آفات ہو۔
زہر کھانا۔	غم وغصہ کھائے پریشانی اُٹھائے۔
زاہد کو دیکھنا	دین کے کاموں میں قوت ہو نیک کرداری میں شہرت ہو
زینے پر چڑھنا	رتبہ بلند ہونے کی علامت ہے۔ رزق کی بشارت ہے۔

ردیف زاے معجمہ

خواب	تعبیر خواب
زلف بنانا	عشق میں مبتلا ہو فراق کا سامنا ہو رنج فرقت اٹھائے مجنون کھلائے۔
زہرہ دیکھنا	کسی حور شمائل پر دل مائل ہو مگر ہر وقت فکر لاطائل ہو
زمین پر بنا ڈالنا	وقعت حاصل ہو یا تولد فرزند ہو۔
زمین کھدی میں آپکو گاڑی دیکھنا	سفر پیش ہو یا موت آئے یا رنج وصعب بہت اٹھائے
زنار دیکھنا۔	کافر سے نفع ہو پریشانی دفع ہو۔
زمین کا زلزلہ دیکھنا	کوئی غنیم اس ملک پر چڑھائی کرے حاکم وقت سے لڑائی کرے۔
زمین محدود النظر دیکھنا	زن بدکار ملے
زمین غیر محدود النظر دیکھنا	دنیا حاصل ہو

خواب	تعبیر خواب
زمین سرسبز و وسیع و بناہائے نامعلوم دیکھنا	دین اسلام مین ترقی ہو۔
زمین کشادہ دیکھنا	ترقی عمر بہ امن وخیر ہو۔
زمین سمٹ گئی دیکھنا	موت کا پیغام ہو یا ولایت وحکومت حاصل ہو بشرطیکہ اس کے قابل ہو۔
زمین کا کلام کرنا۔	دلیل خیر وبرکت ہے اور کل شی غیر ناطق سے یہی مراد ہے
زمین مین بغیر غار کھودنے کے غائب ہو جانا۔	تلاش دنیا میں ہلاک ہو اور بسبب گناہوں کے نجس وناپاک ہو۔
زمین کھودنا و خاک کھانا	مال مردم مکروحیلہ کھائے دنیا مین جلساز کہلائے

ردیف زائے معجمہ وسین مہملہ

خواب	تعبیر خواب
زن کا زبان دراز دیکھنا	زبان قطع ہو۔
زخم وقروح ودمّل ودانے بدن میں دیکھنا	بقدر کمی وزیادتی مال حاصل ہو۔
زرگر یا مس گر کو دیکھنا۔	کسی عورت سے نکاح کرے
زین وپالان اپنے مرکب پر رکھتے دیکھنا	طلب رزق میں گردش کرے۔
زین کا اپکو چکر دیتے دیکھنا	قطع مخاصمت کرے یا دین کی اصلاح کرے
زبان اپنی قطع یا کوتاہ یا ناقص دیکھنا	عالم مین فصیح و بلیغ مشہور ہو یا گونگا ہو گو یائی سے مسرور ہو۔
زانو کا قطع ہوتے دیکھنا۔	اپنی قوم واقارب سے مفارقت کرے
زیور زنان دیکھنا	مرد یا عورت دیکھے دونوں کے حق مین بہتر ہے
زنبیل باف کو دیکھنا	عورت ملے۔
سورۂ فاتحہ کا تلاوت کرنا	جو دعا مانگے قبول ہو یا سات عورتون مختلف سے نکاح کرے۔
سورۂ بقرہ کا خود پڑھنا یا دوسرے کو اپنے سامنے پڑھتے دیکھنا	رزق سے آسودہ ہو صلاح دین حاصل ہو یا دوسری جگہ جائے عزت ومنفعت پائے یا قاضی ہو اگر عالم ہے تو عمر دراز ہو۔
سورۂ آل عمران کا پڑھنا۔	جوانی یا پیری مین خوش حال رہے۔

ردیف سین مہملہ

خواب	تعبیر خواب
سورۂ نساء کا پڑھنا	آخر عمر میں عورت خوبصورت ملے شام وسحر عیش وعشرت کرے
سورۂ مائدہ کا پڑھنا	بباعث طعام والی بزرگ ہو مگر ایک قوم ظالم میں مبتلا
سورۂ انعام کا پڑھنا	محافظت دین وتلاش معاش نیک کرے
سورۂ اعراف کا پڑھنا	ہر علم سے نصیبہ پائے یا مسافرت میں مر جائے مگر دین سلامت رہے۔
سورۂ انفال کا پڑھنا	کافروں کو شکست ہو مال غنیمت ملے
سورۂ توبہ کا پڑھنا	محب دے سندا مردم ہو جائے جہان میں صالح ابرار کہلائے
سورۂ یونس کا نام یا کسیقدر پڑھنا	کسیقدر مال میں نقصان ہو۔
سورۂ ہود تلاوت کرنا	دشمنوں سے تنگ ہو سفر اختیار کرے۔
سورۂ یوسف کا پڑھنا	دشمن دوست ہوں عالم غریب میں فائدہ کثیر حاصل ہو۔

خواب	تعبیر خواب
سورۂ رعد کا پڑھنا	دور فقر ہو یا موت قریب ہو۔
سورۂ ابراہیم علیہ السلام کا پڑھنا	زمرۂ سجین میں داخل ہو۔
سورۂ حجر کا پڑھنا	اپنے اہل میں محفوظ ہو مگر مسکین رہے اگر بادشاہ ہو جلد مرے قاضی ہے نیک ہو تاجر ہو اپنے اہل پر فضل کرے عالم ہے باعزت مرے۔
سورۂ نحل کا پڑھنا	محبان وموالیان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوگا
سورۂ اسریٰ کا پڑھنا	سلطان وقت سے حکم بصر جاری ہو مگر وہ محفوظ رہے
سورۂ کہف کا پڑھنا	عمر دراز ہو مال حلال حاصل ہو۔
سورۂ مریم کا پڑھنا	مفلس ہو مالدار ہو جائے

ردیف سین مہملہ

خواب	تعبیر خواب
سورۂ طٰہٰ کا پڑھنا	نماز شب کو دوست رکھے افعال خیر کرے اہل دین میں محبوب خاطر ہو۔
سورۂ انبیا علیہم السلام پڑھنا	خلائق میں نیک مشہور ہوئے
سورۂ حج کا پڑھنا	حج و عمرہ نصیب ہو بیمار ہے وفات پائے جنت میں جائے
سورۂ مومنون کا تلاوت کرنا	طول دعائے قنوت سے رغبت ہو اور کسی مرض میں مبتلا ہو۔
سورۂ نور کا تلاوت کرنا	لوگوں کو واجبات و مستحبات پر انگیختہ کرے منہیات سے مانع ہو اور کوئی مرض لاحق ہو۔
سورۂ فرقان کا تلاوت کرنا	حق کو دوست رکھے باطل سے کراہت کرے
سورۂ شعرا کا پڑھنا	تنگی رزق ہو سفر کرے نفع کم ہو۔

خواب	تعبیر خواب
سورۂ نمل کا پڑھنا	دوست حق و دشمن باطل و مکروہ ہوا اور اپنی اپنی قوم کا سردار ہو۔
سورۂ قصص کا پڑھنا	خدا کسی زمین جنگل و یا زمین مسجد میں آزمائش کرے
سورۂ عنکبوت کا پڑھنا	حق تعالیٰ اسکو کسی بلا میں مبتلا نہ کرے۔
سورۂ روم کا پڑھنا	نفاق پیدا ہو بادشاہ ہے تو عالم ہو یا قاضی و تاجر ہے تو فائدہ کثیر حاصل ہو۔
سورۂ لقمان کا پڑھنا	کتابت و حکمت سے فائدہ پاوے۔
سورۂ سجدہ کا پڑھنا۔	عقیدہ توحید قوی ہو اور سالم الیقین ہو۔
سورۂ احزاب کا پڑھنا	مداح اپنے اہل کا ہو اور عمر دراز ہو۔
سورۂ سبا کا پڑھنا	شجاع و سردار فوج ہو۔

ردیف سین مہملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
سورۂ فاطر کا پڑھنا	زیارت و رویت خدائے عزوجل حاصل ہو اور اولیاء اللہ میں شامل ہو۔	سورۂ زخرف کا پڑھنا	اول و آخر میں روزی تنگ ہو۔
سورۂ یٰس کا پڑھنا	دین محکم و استوار ہو۔	سورۂ دخان کا پڑھنا	جبر حکام و عذاب قبر و آتش جہنم و ضعف یقین سے امان پائے۔
سورۂ صافات کا پڑھنا	رزق حلال حاصل ہو اور دو فرزند نرینہ اللہ عطا کرے۔	سورۂ جاثیہ کا پڑھنا	صاحب زہد و ورع ہو۔
سورۂ ص کا پڑھنا	صاحب غیرت دوست وارندہ زنان ہو	سورۂ احقاف کا پڑھنا	والدین عاق کریں مگر آخر عمر میں توبہ حسنہ کو پہونچے
سورۂ زمر کا پڑھنا	عمر دراز ہو اپنی والد کی اولاد دیکھے یا سفر کرے بخیر معاودت کرے	سورۂ قتال یعنی سورۂ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پڑھنا	
سورۂ غافر کا پڑھنا	سالم الیقین ہو۔		
سورۂ فصلت کا پڑھنا	باعث ہدایت شریعت ہو۔	سورۂ فتح کا پڑھنا	محبوب خدا ہو۔
سورۂ شوریٰ کا پڑھنا	علم و عمل سے استغنا حاصل ہو۔	سورۂ حجرات کا پڑھنا	تالیف قلوب بندگان خدا کا باعث ہو۔

ردیف سین مہملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
سورۂ ق کا پڑھنا	صاحب علم وکمال وقوی وتوانا ہو اور آخر عمر اول سے بہتر ہو	سورۂ حشر کا تلاوت کرنا	جسوقت اسکا حشر ہو خدا راضی ہو اور اس کے
سورۂ ذاریات کا پڑھنا	نباتات زمین سے جو چاہے یا ہر مذہب کے ساتھ میل کرے		دشمن کو ہلاک کرے۔
سورۂ طور کا پڑھنا	مقبول دین ہو۔	سورۂ ممتحنہ کا پڑھنا	محنت ومصیبت کو پہونچے مگر اجر بھی ملے
سورۂ نجم کا پڑھنا	حق تعالیٰ اسکو اولاد ذی علم واہل ورع عطا کرے	سورۂ صف کا تلاوت کرنا	درجۂ شہادت پائے۔
سورۂ قمر کا پڑھنا	سحر مین مبتلا ہوگا بخیر وعافیت نجات پاوے	سورۂ جمعہ کا پڑھنا۔	دنیا وآخرت بخیر ہو۔
سورۂ حمل کا پڑھنا	دنیا میں متنعم بہ نعمت اور آخرت مین فائز برحمت ہو	سورۂ منافقون کا پڑھنا	نفاق سے بری رہے
سورۂ واقعہ کا پڑھنا	امور خیر طاعت خدا میں سبقت کرے	سورۂ تغابن کا پڑھنا	ہدایت وایمان پر مستقیم وقائم رہے۔
سورۂ حدید کا پڑھنا	بتبعیت وپیروی نیک وصحیح الدین ہو۔	سورۂ طلاق کا تلاوت کرنا	زوجہ سے نزاع ہو پھر وہ کے طلاق دے
سورۂ مجادلہ کا پڑھنا	اہل باطل سے مجادلہ کرے اور اسپر غالب رہے	سورۂ تحریم کا پڑھنا	ارتکاب محرمات سے محفوظ رہے۔

ردیف سین مہملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
سورۂ ملک کا پڑھنا	دنیا و آخرت بخیر ہو۔	سورۂ قیامت کا پڑھنا	کسی امر پر حلف نہ کرے۔
سورۂ ن کا پڑھنا	عنایت آلہی و رستگاری و کامگاری حاصل ہو	سورۂ انسان کا پڑھنا	صاحب سخاوت و شکر گذار خدا ہو۔
سورۂ حاقہ کا پڑھنا	خوف ضرب و قطع ہے مگر حق پر۔	سورۂ مرسلات کا پڑھنا	وسعت رزق ہو زبان دشمن کی بند ہو۔
سورۂ معارج کا پڑھنا	مؤید و منصور ہو۔	سورۂ نبا کا پڑھنا	ہم و غم دور ہو و شان عظیم و ذکر جمیل ہو
سورۂ نوح کا پڑھنا۔	واجبات و مستحبات پر عمل کرے منہیات سے مانع ہو دشمن پر فیروز مند رہے۔	سورۂ نازعات کا پڑھنا	رنج و غم دور ہو۔
		سورۂ عبس کا پڑھنا	صدقات کثیر دے و زکوٰۃ مال نکالے
سورۂ جن کا پڑھنا	آسیب جن و پری سے محفوظ رہے۔	سورۂ تکویر کا پڑھنا	اکثر سمت مشرق سفر کرے اور وہ سفر سود مند ہو۔
سورۂ مزمل کا پڑھنا	نیک سیرت و ستودہ کار ہو۔		
سورۂ مدثر کا پڑھنا۔	اگر تنگ معاش ہو کشایش رزق ہو۔	سورۂ انفطار کا پڑھنا	مقرب ملوک و سلاطین ہو۔

طلم روحانی

ردیف سین مہملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
سورۂ تطفیف کا پڑھنا	صاحب و قار و اہل عدل و داد ہو۔	سورۂ لیل کا پڑھنا	نگہبانی و حفاظت خدا مین ہے خطر سے بیخطر رہے
سورۂ انشقاق کا پڑھنا	کثرت اولاد و نسل ہو اللہ کا فضل ہو	سورۂ ضحیٰ کا پڑھنا	یتیمون اور مسکینون پر کرم و رحم کرے۔
سورۂ بروج کا پڑھنا	غم سے نجات ہو اور انواع علوم سے مکرم ہو	سورۂ الم نشرح کا پڑھنا	رنج و غم دور ہو تابع اسلام ہو۔
سورۂ طارق کا پڑھنا	صاحب الہام ربّانی ہو فضل یزدانی ہو	سورۂ تین کا پڑھنا	حاجت بعجلت روا ہو روزی آسان ہو۔
سورۂ اعلیٰ کا پڑھنا	تمامی امور آسان ہون	سورۂ علق کا پڑھنا	عمر دراز و قدر بلند ہو۔
سورۂ غاشیہ کا پڑھنا	قدر بلند ہو علم منتشر و مشتہر کرے۔	سورۂ قدر کا پڑھنا	نیک حال رہے
سورۂ فجر کا پڑھنا	جامہ ہیبت و رعب و خلعت بے بہا و فروغ کا پہنایا جاوے۔	سورۂ بینہ کا پڑھنا	نماز میں خشوع و خضوع حاصل ہو۔
سورۂ بلد کا پڑھنا	غریب و یتیم کو کھانا کھلاؤ اور عاجزون پر رحم کرے۔	سورۂ زلزال کا پڑھنا	کافرون پر فتح پاوے۔
سورۂ شمس کا پڑھنا	فہم و فراست و ذکا ہر شے مین خدا عطا کرے	سورۂ عادیات کا پڑھنا	اسپان خوش اندام ملین۔

ردیف سین مہملہ

خواب	تعبیر خواب
سورہ قارعہ کا پڑھنا	حق تعالی ببرکت عبادت وتقوی کرم رحم کرے
سورہ تکاثر کا پڑھنا	دنیا کے مال سے نفرت کرے۔
سورہ عصر کا پڑھنا	صابر ہو اور امر حق پر خدا مدد کرے۔
سورہ ہمزہ کا پڑھنا	مال جمع کیے مگر نیک کامون مین صرف کرے
سورہ فیل کا پڑھنا	دشمن پر فتح پائے۔
سورہ قریش کا پڑھنا	طعام داری مساکین وتالیف قلوب مومنین کرے۔
سورہ ماعون کا پڑھنا	دشمن پر ظفر پائے۔
سورہ کوثر کا پڑھنا	دونون جہان مین خیر وبرکت حاصل ہو۔
سورہ کافرون کا پڑھنا	کافرون پر جہاد کرے انکو مطیع اسلام کرے

خواب	تعبیر خواب
سورہ نصر کا پڑھنا	دشمنون پر مظفر ہو اور موت کا پیغام ملے۔
سورہ تبت کا پڑھنا	مراد حاصل ہو بار عیال سے سبکدوش ہو زندگی بعیش بسر ہو نام نیک مشہور ہو۔
سورہ اخلاص کا پڑھنا	گناہون سے توبہ کرے خدا کو واحد جانے اولاد زندہ نہ رہے اہل اقارب مرجاوین وہ تنہا رہجاوے۔
سورہ فلق کا پڑھنا	امر زبون یعنی برائیون سے بری رہے۔
سورہ ناس کا پڑھنا	بلاؤن سے محفوظ رہے۔
سر اپنا بڑا دیکھنا	سرداری لشکر کی پاوے فتوح غیب ہاتھ آوے
سانپ کو پکڑتے دیکھنا	دشمن پر حملہ کرے خدا فضل کرے۔

ردیف سین مهملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
سانپ کا گوشت کھانا	مال دشمن سے پائے مگر بیجا صرف ہو جائے	سر اپنا ننگا دیکھنا	نقصان مال اٹھاوے یا فریادی آگے حاکم کے جاوے ۔
سانپ اپنی گود میں دیکھنا	لڑکا موذی ہو تکلیف پہونچائے یا مال موذی ملے تو نگر کہلائے ۔	سر اپنا کٹا دیکھنا	عہدہ سرداری کا جاتا رہے غم و غصہ کھاتا رہے
سانپ سے بات خوش کرنا	دشمن سے نفع ہو تردد و ملال دفع ہو ۔	سر کے بال کٹے دیکھنا	قرض ادا ہو کنج عشرت سے رہا ہو ۔
ستارہ ٹوٹتے دیکھنا	غم فرزند اٹھائے یا مال چوری جائے	ساگ دیکھنا	افلاس کمال ہو اہل و عیال سے ملال ہو
ستارہ روشن دیکھنا	ترقی اقبال ہو حصول دولت لازوال ہو	سولی یعنے دار دیکھنا	ظلم حاکم مین گرفتار ہو یا ایسا بیمار ہو کہ نہ طاقت رفتار اور نہ یارائے گفتار ہو
سر مین تیل خوشبودار یا غیر خوشبودار ڈالنا ۔	اگر حسب اندازہ ہے زیب و زینت ہے درصورت زیادتی باعث علالت ہے	سوز کا دیکھنا	نوکری کا فکر کرے فسق و فجور مین مبتلا رہے ۔
سر کسی جانور کا کھانا	احمق منفعت ہو نہایت بلند مرتبت ہو ۔	سینہ تنگ یا کشادہ دیکھنا	صاحب علم و تحمل ہو ۔

ردیف سین مہملہ و معجمہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
سلام کرنا اور جواب پانا	کسی عورت سے نکاح کرے۔	سر مُنڈانا یا بال کٹ جانا	غلام آزاد کرے یا غلام یا مالک مرجائے
سوئی سے لباس لوگونکا سینا	لوگون کے حق مین خیر خواہی کرے	سپر مع ہتھیار دیکھنا	برادرون کی حفاظت کرے مکروہات سے باز رکھے
سوئی مین تاگا ڈالنا	عورت مطیع و فرمانبردار ہو	سپاہی کو دیکھنا	سردار فوج ہو صاحب اوج ہو
سوئی سی عورت کو کپڑا سیتی دیکھنا	شگون بد ہے زبون از حد ہے	سرطان دیکھنا	بادشاہ وغیرہ سے منتفع ہو یا منتصر ہو۔
سوئی کا ٹوٹ جانا	پریشان حال ہو۔	سکّہ زن یا سکہ گر کو دیکھنا	آدمیون مین خصومت ڈلے
سرمہ لگانا	پیہیر شریعت ہونیکی علامت ہی مژدہ غیبی کی بشارت ہے		**ردیف شین مہملہ**
سُکر یعنے نشے کی چیز دیکھنا	باعث نقصان ضرر ہے۔	شیرازہ باندھنا	پرورش اہل و عیال کرے جمع مال منال کرے
سائیس کو دیکھنا۔	باعث حصول دولت و حکومت ہے۔	شکار کھیلنا۔	بادشاہ کی مصاحبت پائے یا حکومت کہین کی ہاتھ آئے۔
ستر یعنے پردہ کسی قسم کا دیکھنا	شگون بد زبون از حد ہے۔		

ردیف شین معجمہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
شملہ پہننا	بے نوکر ہو نوکر ہو جائے یا مال سے تو انگر ہو جائے	شیر نوع معلوم و جنس معلوم دیکھنا	مال حلال و رزق نیک ملے۔
شہر دیکھنا	ایماندار ہو جائے مریض صحت پائے	شیر ترش یا کف گرفتہ بالائی برآوردہ	رنج والم و ضرر و غم مین مبتلا ہو۔
شیطان کو بصورت زن دیکھنا	کار سرکار مین غفلت کرے صحبت عورتوں کی رات دن رہے	شیر گاؤ و بھینس و اونٹنی کا پینا	خیر و برکت کی دلیل ہے۔
شام دیکھنا	غم فرزند اٹھائے صدمے پر صدمے پائے	شیر بھیڑ و بکری کا پینا	خیر کی دلیل ہے مگر اول سے کم ہے۔
شتر بے مہار دیکھنا	بدکاری مین بیباک ہو آخر غمناک ہو۔	شیر خچری کا پینا	دلیل ہول و عسرت کی ہے۔
شیطان کو اپنا فرمانبردار دیکھنا	دولت حرام پائے دنیا مین بدنام ہو جائے۔	شیر خر خانگی کا پینا	مرض شدید مین مبتلا ہو جائے مگر جلد صحت پائے
شیشہ دیکھنا	صدمہ پہونچے شیشۂ دل چور ہو نہایت رنجور ہو۔	شیر آہو و سائر وحشیان ماکول اللحم کا پینا	رزق حلال حاصل ہو۔
شمع دیکھنا	سردار لشکر ہو یا ہادی و رہبر ہو۔		
شیر جانوران نامعلوم کا پینا یا اُنکا مالک ہونا	دین مین خیر و صلاح ہو۔	شیر گھوڑی کا پینا	رزق حلال و طیّب حاصل ہو۔

ردیف شین مہملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
شیر دیکھنا	دررا حت باز ہو حاکم کا ہمراز ہو۔	شیر کے سامنے جانا و باہم پیوستہ و مختلط نہ ہونا	کسی بادشاہ و وزیر سے نالان و ہراسان ہو مگر ضرر نہ ہو۔
شیر شیرنی کا پینا	دشمن پر ظفر پاوے۔	شیر کا گوشت کھانا	کسی مرد زبردست سے مال ملے
شیر کتیا کا پینا۔	دشمن سے ضرر پہونچے	شیر کی کھال یا کوئی عضو کھانا	کسی مرد عالی مرتبت کی ملک کا مالک ہو۔
شیر چیتے کا پینا	دشمن سے ضرر پہونچے	شیرنی کا گوشت و مغز و غیرہ کھانا	ملک عظیم ملے
شیر روباہ کا پینا	دلیل بخیرو تونگری ہے	شیر ہرنی کا پینا	خیر و برکت ہونے کی دلیل ہے۔
شیر بلّی کا پینا۔	مرض مین مبتلا ہو۔	شیرنی سے منازعت کرتی دیکھنا	کسی شخص عالی مرتبہ سے نزاع کرے۔
شیر سور کا پینا۔	دلیل بہ تغیر عقل ہے	شتربان کو دیکھنا	دلیل حصول دولت و حکومت ہے۔
شیر سے منازعت و مقابلہ	کسی دشمن قوی سے نزاع کرے۔	شمشیر دیکھنا	ملک ہاتھ آئے یا سفر کرے عورت ساتھ لائے
شیر پر سوار ہونا اور اسکو رام دیکھنا	صاحب خشم و غلبہ ہو دشمن زبردست زبر دست ہو۔		

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
ردیف شین معجمہ و صاد مہملہ			
شکر چکھنا	حلاوت ایمان کی چاشنی پائے بڑا دیندار کہلائے		ردیف صاد مہملہ
شعلۂ آتش دیکھنا	محاسبۂ شاہی مین گرفتار ہو نہایت خوار ہو۔	صندل دیکھنا	شادی و خانہ آبادی ہو یا نکوئی مین مشہور نزدیک و دور رہو
شوربا کھانا	صحت کی علامت ہے۔	صابون دیکھنا	صفائے قلب حاصل ہو اگر مریض ہو صحت کامل ہو
شربت پینا	گناہ سے توبہ کرے کسی کا مرید ہو یا وصل معشوق حاصل ہو۔	صراف دیکھنا	برے بھلے کے پہچاننے مین شناخت حاصل ہو درستی معاملات مین کامل ہو۔
شراب پینا۔	عیش دنیا مین مبتلا ہو غفلت کا سامنا ہو۔	صحرا دیکھنا	سفر دور دراز پیش آئے یا مجنون ہو جائے
شترکش و گاؤکش کو دیکھنا	عورت ملے۔	صیاد دیکھنا	مکر و حیلہ اختیار کرے راہ بد بتلائے یا وکالت کرے مختار کہلائے۔
شہد کا چھتہ یا شہد کوئی شیرینی چکھنا	مال طیب و رزق حلال ملے۔		
شطرنج یا گنجفہ کا دیکھنا	طرف باطل کے مائل و زور و بہتان کی طرف شاغل رہے		

ردیف صاد مہملہ وضاد معجمہ وطای مہملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
صدقہ دیکھنا	اگر دیوے بلا سے نجات پائے اگر لیوے دریوزہ گری مین مبتلا ہو جائے۔	ضیافت کھلانا	سخی مشہور ہونے کی نشانی ہے موجب بہجت و کامرانی ہے
			ردیف طائے مہملہ
صراحی دیکھنا	گھر عشرت سے معمور ہو دولت دنیوی سے مسرور ہے		
صاحب مال کی صحبت مین جانا	امید دلی برآنے کی نشانی ہے سبب حصول کامرانی ہے	طواف کرنا	گناہ سے استغفار کرے متعلقون کا غمخوار رہے
صندوق دیکھنا	غلام یا کنیز خیرخواہ پائے بہت عیش و آرام اُس سے اٹھائے	طہارت کرنا	بیمار کو صحت ہو محتاج کو فلاحت ہو۔
صومعہ دیکھنا	رہنما کہلائے راہ اچھی آدمیون کو بتلائے	طاؤس مادہ دیکھنا	عورت نازنین پائے معشوق اچھا ہاتھ آئے
صرد دیکھنا	باعث رشد وہدایت ہے۔	طاش دیکھنا	فلاکت کی علامت ہے اسیر ہونیکی دلالت ہے
	ردیف ضاد معجمہ	طوطی دیکھنا	صلاح و فلاح کی نشانی ہے۔
ضیافت کھانا	جسکے یہان کھائے وہ ذائقہ قربت چکھائے	طوطا دیکھنا	کنیز و غلام ملنے کی دلیل ہے۔

ردیف طای مہملہ و معجمہ و عین مہملہ

خواب	تعبیر خواب
طرہ دیکھنا	علم کی دولت پائے سردار قبیلہ ہو جائے
طوفان کو دیکھنا	نقصان مال ہو یا ضرر اہل وعیال مال ہو
طپنچہ مارنا	جسکو مارے اُس سے نفع پاوے یا دشمنی اُس سے بڑھ جاوے۔
طلاق اپنی عورت کو دینا	اپنے عہدے سے معزول ہو۔
طویلہ بڑا دیکھنا	کثرت اہل وعیال ہو یا ترقی مال ومنال ہو۔ بالعکس دیکھے بالعکس سمجھے
طوق گلے مین پہنے دیکھنا	اُسکی گردن میں کسی کی امانت پڑے۔
طاؤس نر کو دیکھنا	صاحب حشم یا خداوند خدام ہو۔

خواب	تعبیر خواب
طلسم کو دیکھنا	عجائبات علم کی سیر کرے یا سیاحی مین قدم دھرے
	ردیف ظاے معجمہ
ظلم کرنا	بدنام مشہور ہو صعوبت میں گرفتار و رنجور ہو۔
ظالم کو دیکھنا	بُرے کام کی پاداش مین مبتلا ہو غم کا سامنا ہو۔
	ردیف عین مہملہ
عورتکا تکلہ مع پیچک پانا	دختر کی شادی ہو غم سے آزادی ہو۔
عمارت دیکھنا	دلیل امارت ہے سبب فلاحت ہے۔
عناب دیکھنا	مرض سے صحت پائے معشوق یا قوت لب ہاتھ آئے

ردیف عین مہملہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
عمامہ باندھنا	امامت کرے امام کہلائے نفع عوام سے اٹھائے	عورت کا استر پر سوار ہونا	کسی مرد قوی وسخت سے منعقد ہو یا عازم سفر ہو۔
عطار دیکھنا	اہل قلم میں ملازم ہو یا سفر کا عازم ہو	عورت کا تکلہ یا چرخہ کو پانا	حاملہ ہو لڑکا جنے یا اسکی بہن پیدا ہووے
عطر لگانا	دنیا میں حرمت ہو عورت پاکیزہ سے صحبت ہو۔	عورت کو اپنے شوہر کا لباس پہنے ہوئے دیکھنا	عورت کے حق میں بہتر ہے۔
عندلیب دیکھنا	علم شعر وسخن میں مشہور ہو حاصل سرور موفور ہو۔	عورت کا لباس مرد کو پہنے دیکھنا	خوف شدید اور عجز وخطر پونہچے مگر جلد دفع ہو جائے
عطارد دیکھنا	غلام یا ملازم اچھا پائے نفع اس سے اٹھائے	عطسہ یعنی چھینکنا	اگر سامع نے یرحمک اللہ کہا تو مژدہ حج عمرہ ہے
عود سے تعلق نام فریقین کے دیکھنا	نکاح ہو بادشاہ رس ہو یا کسی شے پر قادر ہو۔	عصا دیکھنا	بزرگ و بلند قدر رہو۔
عروس کا نامرد ہونا اور اپنی اور دیکھنا	موت کا پیغام ہو دنیا سے جانا صبح وشام ہے۔	عطر زیتون کا دیکھنا	موجب وفور خدمت شاہی کی دلیل ہے۔
عمامہ ریشمی و پشمی یا پشم شتر دیکھنا	دنیا و آخرت خراب ہو مال ومتاع اسپر حرام ہو	عود سوزی دیکھنا	باعث ثنا و مدح ہے مگر بہول خطر ہے۔
عمامہ یا سوتی یا پشم گوسفند دیکھنا	دین و دنیا بخیر ہو حکومت نصیب ہو۔	عضو تناسل قطع ہو جانا	لڑکا یا خود مرجائے۔

ردیف عین مہملہ و معجمہ

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
عضو تناسل کا زیادہ یا کم ہو جانا	لڑکا یا خود مریض ہو جاوے۔	عیدین کا دیکھنا	کشادگی رزق ہو دفع غم و کرب ہو۔
عضو تناسل کا دو یا زیادہ ہونا	بقدر زیادتی و کمی کے اولاد پیدا ہو۔		**ردیف غین معجمہ**
عضو ستر عورت کا کھل جانا	برہنگی و بے ستری کی دلیل ہے۔	غوطہ لگانا	فکر و اندیشہ سے نجات پائے دور آفات ہو جائے
عریانی تن کی دیکھنا	جس شے کا طالب ہو اُس سے محروم ہو۔	غربال دیکھنا	فکر اہل و عیال میں مبتلا ہو ملال کا سامنا ہو۔
عریانی تن مگر شرمگاہ کا چھپا ہوا دیکھنا۔	اگر عابد ہو کامل ہو طالب دنیا ہو دنیا حاصل ہو۔	غبار دیکھنا	عیش و عشرت کی نشانی ہے موجب بلندی و کامرانی ہے
عقاب دیکھنا۔	ظلم ظالم میں گرفتار ہو سخت مجبور و ناچار رہو	غرفہ دیکھنا	عیش میں مبتلا ہو فراق کا سامنا ہو۔
عود کی خوشبو دیکھنا	آواز بلند ذکر جمیل ہو۔	غلام و کنیز کو فروخت کرنا	رنج و غم سے آزاد ہو اگر خرید کیا ہے تو برعکس ہو۔
عضو جسم کا آہنی ہو جانا	عمر دراز ہونے کی دلیل ہے	غلیواز و زغن دیکھنا	باعث فزونی مراتب ہے۔
		غسل خانہ دیکھنا	موت کی نشانی ہے راہ سفر آخرت جلد پیش آنی ہے

ردیف غین معجمہ و فاء

خواب	تعبیر خواب
غول جانوروں کا دیکھنا	حکومت و سرداری کی دلیل ہے۔
غسل کرتے دیکھنا	بیماری سے صحت پائے یا سفر کرے بخیر گھر واپس آئے
غالب آپکو دشمن پر دیکھنا	نفس امارہ پر غالب ہو دین کا طالب ہو۔
غم کا دیکھنا۔	باعث لہو و لعب ہے۔
غراب کا دیکھنا	فاسق ہونیکی دلیل ہے توبہ کرے انجام بخیر ہو
ردیف فاء	
فرشتوں کو جوق جوق دیکھنا	چوری سے مال کا نقصان ہو نہایت حیران و پریشان ہو
فرشتوں کے ساتھ آپکو اڑتے دیکھنا	درجہ شہادت پائے پریشانی سے نجات مل جائے
فاختہ دیکھنا	فقیری کی نشانی ہے باعث سرگردانی ہے۔
فرشتگان مقرب کا دیکھنا	مرتبہ بلند ہو خلق اُس سے مستمند ہو۔
فانوس کو روشن دیکھنا	علم دینوی سے بہرہ یاب ہو بدافعالی سے اجتناب
فیروزہ دیکھنا	دشمن پر فتحمند ہو اگر بے اولاد ہو فرزند ہو۔
فصد کھلواتے دیکھنا	مرض سے صحت پائے مال ضبط سرکار ہو جائے
فالودہ پینا	مریض ہو صحت پائے مفلس ہو متمول ہو جائے
فوارہ دیکھنا	دلکو سرور ہو رنج کافور ہو خزانہ غیب پائے امیر کہلائے
فربہ جانور کو دیکھنا	احمق سے نفع پائے پریشانی دور ہو جائے
فربہی و ورم دیکھنا	مال دستیاب ہو پریشانی کو جواب ہو۔

ردیف فاء

خواب	تعبیر خواب
فضلات مردم دوداب کا دیکھنا	اگر بدبو ہے مال حرام ملے وبقدر کمی وبیشی بوگناہ مین کمی وبیشی ہو۔
فضلات جانوران حرام کا دیکھنا	مال حرام ملے۔
فرج زن بجای ذکر خود دیکھنا۔	ذلت وخواری نصیب ہو۔
فرش سطر وکشادہ ونو دیکھنا	کشادگی رزق ودرازی عمر وعیش ہونیکی دلیل ہے
فرش شطبو ضخیم مگر کوتاہ دیکھنا۔	تنگدستی کی دلیل ہے۔
فرش باریک مگر وسیع دیکھنا	وسعت رزق وکوتاہی عمر کی دلیل ہے۔
فرش کوتاہ وکہنہ وباریک بپیچیدہ دیکھنا	فال بدرزبون ازحد ہے

خواب	تعبیر خواب
فلک اپنی گرد پھرتے دیکھنا	سفر نصیب ہو۔
فیل پر بغیر حرب سوار ہونا یا اُسکا مالک ہونا یا چلانا	مرتبہ عالی سُلطان عجمی سے پاوے
فیل کا گوشت کھانا	بقدر گوشت مال وغلبہ حاصل ہو۔
فیل کے بال وکھال وغیرہ لینا	ایضًا ایضًا
فیل پر وقت حرب کے سوار ہونا	دشمن پر غالب ہو
فیل پر دن مین آپکو سوار دیکھنا	زوجہ کو طلاق دے۔
فاختہ کا گوشت کھانا یا اسکا مالک ہونا	عورت کم عقل وبے دین سے کام پڑے

ردیف فاوقاف

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
فاختہ کے پر یا انڈے پانا	مکرو فریب عورت میں گرفتار ہو۔	قدم رسول دیکھنا	زیارت حرمین شریفین ومدینہ منورہ نصیب ہو ودعا مجیب ہو
فاختہ کو تیر یا پتھر مارنا	زن زشت کو دشنام دے وبہتان لگائے	قربانی کرنا	قرض دنیوی سی نجات ہو ترقی حیات ودور آفات ہو
	ردیف قاف	قلمدان پانا	عہدہ وزارت پائے نامی امیر کہلائے
قرآن شریف پڑھنا	نیک کام کرنیکی دلیل ہے نہایت عنایت رب جلیل ہے۔	قافلہ دیکھنا	سوداگری مین نفع بہت پائے سفر حج پیش آئے
		قصاب دیکھنا	ظلم ظالم مین گرفتار ہو نہ طاقت رفتار نہ حالت گفتار ہو۔
قرآن شریف لکھنا	روزی اکل حلال پائے بڑا متقی وپرہیزگار کہلائے		
قسم کھانا	روزی کم ہو بہت غم ہو۔	قبر دیکھنا	ترقی عمر کی دلیل ہی اگر مریض ہے عمر قلیل ہے
قسم کھلوانا	خیانت مایہ ہو شماتت ہمسایہ ہو۔	قوس قزح دیکھنا	غلے کی ارزانی ہو اللہ کی مہربانی ہو۔
قبا پہننا	دولت زیادہ ہونیکی علامت ہی یا شادی دوسری ہونے کی بشارت ہے۔	قلم دیکھنا	فن خوشنویسی میں طاق ہو۔
		قے کرنا	مریض ہو صحت ہو۔

ردیف قاف

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
قلعہ دیکھنا	دشمن سے نجات ہو دور آفات ہو	قے غیر کریہ الرائحہ دیکھنا	گناہ سے توبہ کرے۔
قفل کھولنا	امید بر آنے کی نشانی ہے اور بند کرنا باعث حیرانی ہے	قے متعفن کرتے دیکھنا	خود باعث اذیت و گزند اپنے کا ہو
قمقمہ دیکھنا	عیش و عشرت کی دلیل ہے مگر زندگی قلیل ہے	قضیب اپنا قضیب جانوران دیکھنا	کثیر النسل ہونے کی دلیل ہے۔
قد اپنا کوتاہ دیکھنا	فتنہ عالم مشہور ہو تکلیف وہی خلائق میں	قمیص پہنے دیکھنا	رزق بقدر کوتاہی و کشادگی ملے۔
	بدنام نزدیک و دور ہو۔	قبا پہنے دیکھنا	فرحت و مسرت ہو۔
قرنا بجانا	فتنہ و فساد میں مبتلا ہو رنج و الم کا سامنا ہو	قیامت بپا دیکھنا	ملک میں عدل ہو اگر باشندے ظالم ہیں خدا اُن سے انتقام لے
قرنفل دیکھنا	علم و حکمت سیکھنے کی نشانی ہے یا رنج و زحمت پیش آتی ہے	قوس قزح کا با انواع مختلف	سبز رنگ دلیل امن ہے زرد دلیل مرض سرخ
قینچی دیکھنا	دوست سے ملال ہو دولت کا زوال ہے	دیکھنا۔	دلیل خونریزی ہے۔
قوت کرتے دیکھنا	قوت دین اور خوبی حال کی دلیل ہے	قیامت و ہول قیامت سے کچھ دیکھنا	دنیا و آخرت بخیر ہو۔
قوت سے زیادہ بار اٹھانا	دلیل وہم و غم کی ہے۔	قصر کا کسی شہر میں دیکھنا	رفعت و سعادت دنیا میں حاصل ہو۔

ردیف قاف وکاف عربی

خواب	تعبیر خواب
قاضی غیر معروف کو دیکھنا	دیدار خدا نصیب ہو۔
قلعہ وحصار میں داخل ہونا	دین ودنیا قائم رہے۔
قلم کا ساتھ قرآن مجید کو دیکھنا	علم وحکمت حاصل ہو۔
قصاب سے گوشت لینا یا اُس کے گھر جانا	جس عضو کا گوشت لے وہ بیمار ہو اگر وام دیے ہیں جلد صحت ہو۔
قصّاب کو دیکھنا	اگر نامعلوم ہے ملک الموتؑ ہے۔ اگر شناسا ہے تو تلاش رزق میں سرگردان رہے۔
قلم کا دوات کے ساتھ دیکھنا	فرزند ارجمند ہو۔

خواب	تعبیر خواب
کوہ سیاہ میں لسبب اپنے فرزند کے پناہ پانا	فرزند قرض باپ کا ادا کرے اور ہر طرح فرمانبردار رہے۔
کفن کشی کرتے دیکھنا	پیروی دین کی کرے اگر میت نامعلوم ہے تو جس امر کی کوشش کرے حاصل ہو۔
کفن کش کو دیکھنا	علم وحکمت حاصل کرے۔
کلاہ بلند دیکھنا	عزّ وشرف دنیا میں حاصل ہو چین کامل ہو۔
کلاہ میں خوبی یا زبونی دیکھنا	بقدر اُسکے اُسکے رئیس کا حال ہو۔
کلاہ دریدہ وچرک آلودہ وغیرہ دیکھنا	یہ بدحالی اُسکے رئیس کی نسبت ہو۔
کلاہ طائی یا نقرئی یا مغرق بجواہر دیکھنا۔	عزت ومال کثیر حاصل ہو دین ضائع ہو

ردلیف کاف عربی

خواب	تعبیر خواب
کلاہ عورت کو دیتے دیکھنا	وہ عورت کسی مرد سے نکاح کرے۔
کمربند کٹ گیا یا ٹوٹ پڑا یا چھن جانا دیکھنا۔	نہایت بد ہے
کمربند زرین دیکھنا	مال و بزرگی حاصل ہو مالک ملک ہو بشرطیکہ اسکے لائق ہو اور یہ امور نصف عمر مین ہون۔
کنگن ہاتھون میں پہنے دیکھنا	کسب و دستکاری سے عشرت مین رہے
کنگھی ڈاڑھی یا سر مین کرتے دیکھنا	غم و الم دور ہو عیش و سرور موفور ہو۔
کمان کشیدہ دیکھنا	حشمت و دبدبہ حاصل ہو۔
کمان لڑکے کے ہاتھمین دیکھنا	زوجہ حاملہ ہو فرزند نرینہ پیدا ہو

خواب	تعبیر خواب
کمان ٹوٹ جاتے دیکھنا	عزل مراتب ہو یا مصیبت پسر یا برادر کو پیش ہو۔
کمان دوش سے اُتارنا وزمین پر ڈال دینا۔	عزل مراتب ہو یا سفر کرے مگر بسلامت واپس آئے۔
کوڑھ دیکھنا	خیر و برکت و حکومت کی دلیل ہے۔
کمان سازی کرنا	غلبہ و دبدبہ حاصل ہو یا پسر و برادر کا نکاح کرے پوتا یا بھتیجا پیدا ہو۔
کمان کسی سے چھیننا پھر اسکو نہ دینا کبھی مین کچھ نقصان یا زیادتی یا حادثہ دیکھنا۔	جو کام کرے سخت ہو جاوے اور ملتوی رہے جو نقصان وغیرہ دیکھے نسبت حاکم وقت کے ہو۔

ردیف کاف عربی

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
کعبے کو مکے کے سوا اور شہر میں دیکھنا	باعث امن اُس بلد کا ہے	کوکب مشتری کو دیکھنا	خزینہ دار و مدبر ارکان بادشاہی ہو۔
کعبے کو دیکھنا و طواف کرنا و مناسک حج بجا لانا	صلاحیت دین ہو رفعت و منزلت قرین ہو۔	کوکب زہرہ کو دیکھنا	ندیم سلطان ہو عورت دیکھے بادشاہ کی زوجہ ہو۔
کعبے کو پس پشت دیکھنا یا اُسکی چھت پر نماز پڑھنا	اسلام سے روگردانی کرے جلد توبہ کرے۔	کوکب عطارد کو دیکھنا	دیوان خانہ شاہی کا منشی ہو۔
کواکب میں کوئی امر صالح یا تغیرات سے دیکھنا	وہ نسبت اشراف واکابر اُس بلاد کے متصور ہو۔	کوکب کثیر یا قلیل پر دسترگاہ ہونا	بقدر اُسکے مردم اکابر واصاغر پر مالک ہو۔
کوکب مریخ کو دیکھنا	سردار فوج ہو۔	کواکب کو شاہی کرتے دیکھنا	متولی و متکفل امور مردم ہو۔
کواکب زحل کو دیکھنا	مور و تعزیر ہو۔	کواکب کو کھانا	مال مردم اکابر کا کھائے
		کواکب کو ایک جا مجتمع دیکھنا	جس امر کی کوشش کرے حاصل ہو۔
		کواکب کا آسمان سے طرف زمین کے واقع ہونا	اُس مقام میں نزول عذاب باری ہو۔

ردیف کاف عربی

خواب	تعبیر خواب
کواکب کو اپنے ہاتھ میں لینا	فرزند ارجمند ہو
کواکب کا ٹوٹنا	توانگر محتاج ہو محتاج درجۂ شہادت پائے
کواکب پس پشت دیکھنا	خشک سالی کی دلیل ہے۔
کنواں کھودنا اور اُس کے کھودنے پر قادر نہ ہونا	تنگی معیشت ہو۔
کنواں اپنے گھر مین کھودنا اور آب کا جوش کرکے بلند ہونا	مال طیب بغیر سختی و محنت کے حاصل ہو۔
کنوئین کا پانی نکل جانا	مال تلف ہو تھوڑا باقی رہے
کنوئین سے پانی لینا اور آبپاشی سے زراعت کرنا	مال اور راہ خدا میں صرف کرے
کنوئین سے پانی پلانا چھڑکنا	مال بیقاعدہ صرف کرے۔
کنوئین سے پانی نکالنا اور لوگونکو پلانا	نام بلند ہووے اور تا پیری بعیش و عشرت رہے۔
کنوئیں سے پانی بھرنا اور درختون کی جڑ مین ڈالنا	یتیموں کی پرورش کرے۔
کنوئیں سے پانی بھرنا اور اس میں سے گندی چیز نکلنا	مال طیب حرام سے ملجائے
کوئین مین گر پڑنا یا اُترنا	اول غم بعدہٗ شادی ہو۔
کشتی پر سوار دیکھنا۔	محاسبہ ملوک مین ماخوذ ہو مگر نجات پائے۔
کشتی میں داخل ہونا اور اُس میں پانی بھی ہونا	رنج و مرض قید و بند مین گرفتار ہو مگر فضل الٰہی سے نجات ہو۔

ردیف کاف عربی

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
کشتی سے خشکی مین آنا	غم والم سے نجات حاصل ہو	کتیا کا دودھ پینا	خوف شدید مین مبتلا ہو۔
کشتی کو خشکی میں دیکھنا	رنج وصدمہ پہونچے مگر نجات بھی ہو جائے۔	گرم سرگین وجعلان کا دیکھنا	ملخ کی آمد ہو زراعت کی بربادی ہو۔
کشتی اپنی سواری کے لیئے آتے دیکھنا۔	سختی سے نجات پائے۔	کچھوے کا اپنے منزل ومکان مین آنا اُسپر مالک ہونا۔	مرد کاذب پر ظفر پائے اور ربط ضبط فیمابین بخوبی پڑھ جائے
کھال وحشیان اور شیر کی چربی وغیرہ دیکھنا۔	فراخ روزی کی دلیل ہے۔	کچھوے کا گوشت کھانا	فن غواصی سے آشنا ہو جائے
کتے کو بھونکتے یا کاٹتے یا کپڑا پھاڑ ڈالتے دیکھنا	سخن زشت سے وہ پردہ دری وآبروریزی کرے۔	کچھوے کا کشتی یا مزبلہ پر دیکھنا	اُس نواحی کے باشندون سے علم مجہول ہو جائے
کتے کا گوشت کھانا	دشمن پر غالب ہوا ور مال حاصل کرے	کرگس کو اپنی قابو مین دیکھنا	بادشاہ ہو یا مال یا ریاست حاصل کرے
		کرگس کو اٹھالینا اور باہم عرضاً وساً منے اڑنا۔	بادشاہ مہربان ہو ترقی مراتب زیادہ ہو۔

ردیف کاف عربی

خواب	تعبیر خواب
گرگس کو آسمان کیطرف اڑتے دیکھنا	سفر میں موت ہو۔
کبک و تذرو کو دیکھنا	زن غدارہ و بیوفا سے کام پڑے زندگی تنگ کرے
کبوتر کو دیکھنا۔	زن خوش مزاج سے کام پڑے یا دختر پیدا ہو
کم سن عورت کو دیکھنا	منفعت دنیا حاصل ہو۔
کفشگر کو دیکھنا	تالیف قلوب میان مردمان یا مرد و زن کے کرے
کاتب کو دیکھنا	رزق بکوشش و سعی حاصل کرے۔
کنجڑے کو دیکھنا	طاقت لسانی و قیافہ شناسی مین طاق ہو
کہار کو دیکھنا	فائز المرام ہو۔
کتب یا نوشتہ پیچیدہ دیکھنا۔	خیر و بہبودی غیب سے ظاہر ہو۔

خواب	تعبیر خواب
کتب مختومہ یعنی نوشتہ مہری کشادہ یا بند دیکھنا	باعث خیر و حصول مواریت ہے۔
کتب علم فقہ و دین کا دیکھنا	علم فقہ و حکمت کی تحصیل کرے
کجی و تشنج اعضا مین دیکھنا	دلیل کوتاہی عمر کی ہے۔
کوئی شی اپنی طرف کو لینا مانگ لینا	حق مرافق اور دن کاٹے۔
کسم دیکھنا	مال طیب ملے اگر اس سے رنگنا دیکھے مرض مین مبتلا ہو۔
کندرو دیکھنا	کسی بزرگ سے علم فقہ حاصل کرے
کوکب مشتری کو اپنی شرمگاہ سے نکلتے دیکھنا	علم و مذہب شافعی مین مشتہر ہو۔

ردیف کاف عربی

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
کنجشک نر کو دیکھنا	بلند قدر ہو۔	کرم شب تاب کو دیکھنا	قسم جواہرات سے پڑا پائے عورت اچھی ہاتھ آئے
کنجشک مادہ کو دیکھنا	زن شوم ملے	کرتا پہنے دیکھنا	علم وفضل سے حصول اکتساب کرے جہل سے اجتناب کرے
کنجشک بکثرت دیکھنا اور انکو شکار کرنا	مال غنیمت ملے	کوئلہ دیکھنا	زیادہ عصیان کی نشانی ہے انجام میں بدنامی اور پریشانی۔
کنجشک کی آواز سننا	خبر خوشی کی سنے	کوا دیکھنا	بولتا دیکھے عزیز مسافرت سے واپس آئے خاموش دیکھے رنج اٹھائے
کعبہ شریف کا طواف کرتے دیکھنا	خدمت والدین کی کرنے کی اشارت ہے۔ حصول دولت دارین کی بشارت ہے۔	گزک کھانا	دوستوں سے شرمندگی ہو محبوب سے بدخوئی ہو
کمل اوڑھتے دیکھنا	فسق وفجور کی دلالت ہے مال مردم خوری کی علامت ہے	کلاہ لمبی پہننا	پلٹن میں ملازم ہو جائے اگر ملازم ہو سرداری پائے
کوہ قاف کی سیر کرتے دیکھنا	وارث سلطنت ہو ہفت اقلیم کی بادشاہت ہو	کرم کھانا	قحط کی نشانی ہے پریشانی پیش آتی ہے۔

ردیف کاف عربی

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
کیچڑ مین گرتے دیکھنا	قرضدار ہو صعوبت مین مبتلا ہو۔	کھرپا دیکھنا	تکلیف رسان خلائق ہو محتاج نان شبینہ مع علائق ہو
کسم کا کھیت دیکھنا	ہمچشمون مین سرخرو ہو تولد دختر نیک خو ہو	کرم کلہ دیکھنا۔	دسترخوان کشادہ ہو ہر ایک کو فائدہ ہو۔
کوڑا دیکھنا	عورت پاکیزہ پائے رات دن مزے اڑائے	کافور دیکھنا	روپیہ بہت پائے یا عارضۂ لقوہ اٹھائے
کھچڑی کھاتے دیکھنا	مرض کی علامت ہو بیماری کی شکایت ہو	کمند دیکھنا	عشق میں معشوق بدخو کے گرفتار ہو دنیا میں بے اعتبار ہو
کرن پھول دیکھنا	ترقی مال کی دلالت ہو زیور بنوانے کی علامت ہے	کشتی دیکھنا	رنج دور ہو حاصل سرور ہو سفر کی علامت ہو روپیہ پانے کی بشارت ہے۔
کشتی ڈوبتے یا خشکی میں آتے دیکھنا	سخت مصیبت میں گرفتار ہو نہ کوئی یار نہ مددگار ہو۔	کباب کھانا۔	ماندگی رفع ہو تکلیف و رنج دفع ہو
کشتی پار ہوتے دیکھنا	غنچہ آرزو کھل جائے مراد دلی مل جائے	کنول جلاتے دیکھنا	خلائق کو نام کرے اطاعت خدا دمبدم کرے
کمر باندھتے دیکھنا	سفر دور دراز پیش آئے صعوبت و مصیبت اٹھائے	کپڑا دھوتے دیکھنا	گناہ سے پاک ہو کبھی نہ غمناک ہو۔

ردیف کاف عربی و فارسی

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
کرن آفتاب کی دیکھنا	بادشاہ سے دمساز ہو اور راحت باز ہو۔	گھاس دیکھنا۔	سرسبزی کی نشانی ہی سبب حصول کامرانی ہے
کان دیکھنا	عورت کو فائدہ ہو مرد کو غم زیادہ ہو۔	گورخر شکار کرتے دیکھنا	سرکار شاہی میں پیش ہو محسن اقربا و خویش ہو۔ یا دشمن پر غلبہ پاوی اُس سے فائدہ اٹھاوے
کنواں گرتے دیکھنا	رنج کا ظہور ہو تکبر اور نخوت دور ہو۔	گرجنا بادل کا دیکھنا۔	غضب شاہی میں گرفتار ہو۔
کائی پھٹتے دیکھنا	دشمن خروج کرے اللہ اسکا عروج کرے	گولر یا گولر کا پھول دیکھنا	دولت و نعمت زیادہ ہو تجارت میں فائدہ ہو۔
کفن پہننا	مہم سخت پیش آنی ہے مگر آخر کو حصول کامرانی ہی	گھوڑا دیکھنا	حکومت و ریاست پاوے عہدہ بڑا ہو جاوے
کشتی کرنا	مشقت کی نشانی ہی قسمت میں مصیبت و سرگردانی ہے	گوہ ہاتھ میں لئے دیکھنا	دولت حرام پائے صرف بیجا ہو جائے۔
کباب بھوننا	سوختگی رنج و مصیبت کی دلیل ہے سمجھے اگر عقیل ہے	گھی کا کپا دیکھنا	چرب بانی میں مشہور ہو اگر تجارت کری نفع ضرور ہو
	ردیف کاف فارسی		
گدھا دیکھنا۔	سفاہت میں مشہور ہو مثل شیطان مغرور ہو۔	گدھے کا گوشت کھانا	مال احمق کا غصب کرے اسکی پاداش سی غضب پڑے

ردلیف کاف فارسی

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
گلاب دیکھنا	معشوق گلبدن پائے کام نیک کرے خلق میں اچھا کہلائے	گاجر کھاتے دیکھنا	قوت باہ زیادہ ہو ممسک سے فائدہ ہو۔
گونگا آپ کو دیکھنا	غیرت و پشیمانی کی دلیل ہے یا آقا سے امید نفع و محاصل قلیل ہے	گوز کرتے دیکھنا	ہمچشموں میں ذلیل ہو صحت پائے اگر علیل ہو۔
گربہ دیکھنا	ایذا رسانی خلق کا خیال ہو مگر عمل میں لانا محال ہو۔	گھر زمین پر بناتے دیکھنا	تولد فرزند ہو یا دختر ارجمند ہو یا کوئی کتاب تصنیف کرے
گدھے پر آپ کو دیکھنا	اگر منہ طرف کعبہ ہو سفر حج کرے پورب و اُتر	گھر میں غیر کے داخل ہونا	اُس گھر کی عورت سے خیانت کرے خلق اُسکی شماتت کرے
	طرف منہ ہو برے افعال کرے	گلوبند گاؤ تکیے میں کچھ خلل دیکھنا	وہی خلل نسبت غلام و خادم و کنیز و زن میں واقع ہو۔
گوبر دیکھنا	حاکم یا سردار سے نفع ہو مگر قلیل ہو۔	گولی بندوق کی یا فقط گولی چلانا	خرابی دین کی علامت ہے۔
گرم پانی پینا	عارضہ تپ میں ماندہ ہو پینے کو جوشاندہ ہو۔	گلہائے خوشبودار دیکھنا	اگر درختوں سے علیحدہ دیکھے دنیا ملے ورنہ ولد صالح ہو
گدھے پر سے اترنا	سفاہت سے دور ہو دولتمند ضرور ہو۔	گردن کی درازی دیکھنا	امانت دار و متدین ہو کم دیکھے خائن ہو۔
گدھی کا دودھ پینا	تجارت میں نفع ہو بیماری دفع ہو۔	گردن مارنا و سر جدا ہو جانا	غلام کو آزادی ہو مقروض کو ادائے قرض شادی ہو

ردیف کاف فارسی ولام

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
گھر سونے کا دیکھنا	دشمن سے لاگ لگے گھر میں آگ لگے	گرگ کو آگے آتے دیکھنا	دشمن صعب سے مقابلہ ہو۔
گھر جواہر کا دیکھنا	علم و فضل سے مالا مال ہو حاصل دولت لازوال ہو		**ردیف لام**
گلہ گاواں نامعلوم کا کسی مکان	وبا اور مرض اُس مقام پر واقع ہو بشرطیکہ رنگ	لواطت جانوراں یا انسان سے کرنا	جس سے کرے اُسکا مالک ہو۔
یا محلے میں داخل ہوتے دیکھنا	رنگ مختلف ہو۔	لباس سفید دیکھنا	کشائش رزق و فلاح کلی حاصل ہو۔
گاؤ سیاہ و فربہ دیکھنا	رزق فراخ سے مالا مال ہو لاغر دیکھے قحط سال ہو	لباس زرد پہنے دیکھنا	باعث اندوہ ہو اگر جبہ ہے تو غم نہیں ہے۔
گوشت گاؤ کا کھانا	مال حاصل ہو فراغ کامل ہو۔	لباس سیاہ مثل عادت	دلیل صلاحیت ہو اور جملہ اشیاء سیاہ کیلئے تعبیر
گاؤ دوہنا دودھ پینا	محتاج تو انگر ہو غلام آزاد ہو جب اولاد کنیز و غلام کا نکاح کرے	معہودہ پہنے دیکھنا	برخلاف انگور سیاہ کے۔
گاؤ حاملہ دیکھنا۔	خیر و برکت حاصل ہو۔	لباس نیلا پہننا	حج نصیب ہو دعا مجیب ہو۔
گورکن و زمین کن سے مضرب پانا	معزولی عہدہ یا موت پر دلیل ہے۔	لباس سرخ پہننا	کارزار پیش ہو مہم درپیش ہو۔

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
ردیف لام و میم			
لباس گیروا پہننا	تہمت دنیا مین سہے یا قید فرنگ مین رہے -	لوح دیکھنا	اگر کہی دیکھے حالات آیندہ سے مطلع ہو جائے
لوہا دیکھنا	دشمن سخت سے مقابلہ ہو یا ہم مجادلہ ہو -		سادی دیکھے سادہ لوح کہلائے -
لیزم ہلاتا -	عورت سے نفرت ہو طاقت مین شہرت ہو -		**ردیف میم**
لہو ولعب دیکھنا	خصومت و شورانگیزی کرے	مصور دیکھنا -	نصیب ضلالت ہو جلد توبہ کرے تا بخیر عاقبت ہو -
لگام دیکھنا	عورت مطیع ہو یا مرتبہ رفیع ہو -	مکھی دیکھنا -	مرض جراحت مین مبتلا ہو تکلیف کا سامنا ہو
لہسن و پیاز خریدنا	کسی امیر کے یہان کا رذیل میں نوکر ہو -	مرد کیو اپنے پاس آتے دیکھنا	مقیم سفر کرے مسافر گھر آئے محبوس خلاصی پائے بیمار تندرست ہو جائے
لعل دیکھنا	فرزند ارجمند کی بشارت ہے یا عورت حسین ملنے کی اشارت ہے	مہر دیکھنا -	سلطنت کہیں کی پائے یا حکومت ہاتھ آئے
لونگچڑے کھانا	اہل بازار سے صحبت ہوگی نفع قلیل ہو -	مونگا دیکھنا	معشوق سرخ لب پائے -
لومڑی دیکھنا	عورت مکارہ ملے ذلیت تنگ کرے رات دن جنگ کرے	مرغ کو انڈا دیتے دیکھنا	ذی کمائی کی خواری ہو بے کمائی کی گرم بازاری ہو

ردیف میم

خواب	تعبیر خواب
موتی کی لڑی دیکھنا	حافظ قرآن ہو ہر ایک اُس کا ثنا خوان
مرغابی کو دیکھنا	حاکم سے فائدہ مند ہو نہایت خرسند ہو
مسہری دیکھنا	موت آنی کی نشانی ہے توبہ کرے ورنہ پشیمانی ہے۔
مقید ہو زنجیر یا پھندے یا جال مین پھنستے یا غار یا چاہ میں دیکھنا	مکر و دغا مین گرفتار ہو ذلیل و خوار ہو۔
منبر پر چڑھنا دیکھنا۔	رتبہ بلند ہو یا کوئی رشتہ دار دولتمند ہو۔
موزہ اوتارنا	جورو کو طلاق یا بیٹے کو نامہ عاق دے۔
میخ دیوار میں گاڑنا	نوکری استحکام پائے مالک کی دل میں جگہ کرے انعام پاوے
موتی پرونا	فن انشا مین طاق ہو شہرۂ آفاق ہو۔

خواب	تعبیر خواب
مکتب خانہ دیکھنا	حاکم کی خدمت مین پیش ہو معینہ پیش ہو۔
مقید بلند محل یا محلے کا دیکھنا	کسی عورت سے نکاح کرے۔
مینڈھا پانا یا اسکا مالک ہونا	صاحب مال و دبدبہ ہو یا کسی مرد توانا پر غالب ہو۔
مینڈھا بالغیر قصد گوشت ذبح کرنا	کسی صاحب مال و مقدرت و عزت پر ظفر پائے
مینڈھی کی کھال کھینچنا و گوشت کھانا	کسی کا مال کھا جائے۔
مینڈھی پر سوار ہوا اور اُس کو مطیع اپنا دیکھنا	کسی کا بار امانت اُٹھائے۔
مینڈھی کا اپنے اوپر چڑھ بیٹھنا	صاحب خواب پر کوئی قہر و ظلم کرے۔
مینڈھی کا ٹکر مار کر زمین آپکو گرانا	مغلوب دشمن ہو۔

ردیف میم

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
بینڈھی کی گٹی کا مالک ہو جاتا	مالک و قادر مردمان اشراف و عظیم الشان پر ہو	مار کا مار ڈالنا	دشمن پر ظفر پاوے مراد دلی بر آوے ۔
بینڈھے اور جانور کو قربانی کرنا	قید سے خلاصی مریض صحت پائے فقیر تونگر ہو جائے	مار کو دو ٹکڑے کر ڈالنا	دشمن سے داد پاوے ۔
مادہ شیر کا گوشت کھانا یا اسپر سواری کرنا	ملک عظیم ملے	مار کے دست و پا ہونا	دشمن کی دشمنی زیادہ ہو ۔
مینہ بکثرت برسنا	رحمت ایزدی نازل ہو فضل خداوندی شامل ہو۔	مار کا اپنے گھر میں داخل ہونا یا گھر سے نکلتے دیکھنا	صاحب خانہ یا عزیزوں سے عداوت ہو۔
مادہ شیر کا دودھ پینا	دشمن پر ظفر پاوے	مسجد دیکھنا ۔	دلیل خیر و برکت ہے سبب دفع شر و آفت ہے
مار سے مقابلہ کرنا اور اسپر غالب آنا	دشمن پر ظفر پاوے اگر مغلوب ہو غالب ہو۔	مار کا گھر سے نکل جانا	یہ شخص دشمن سے اور دشمن اس سے دور ہو
ماہی گیر کو دیکھنا	حصول دولت و حکومت ہو	مار کا مقعد یا کان یا شکم سے نکلتے دیکھنا	کوئی عیال اسکا دشمن ہو مگر اس سے دور ہو۔
مقید بنماز یا مسجد یا بجہاد دیکھنا	ثبات دین کی دلیل ہے ۔	منارہ دیکھنا ۔	حاکم کا ہمراز ہو در راحت باز ہو۔
مار کا ڈسنا	دشمن سے امر زبون پہونچے	مار کا مالک ہونا اور خود نہ کھانا	مالک و نعمت و بادشاہت ہو لیکن بشرطیکہ اسکے لائق ہو

ردیف میم

خواب	تعبیر خواب
مار سیاہ و سفید و درخشان دیکھنا	لشکر کشی کرے سعادت دارین حاصل ہو خزینہ یا بادشاہی ملے۔
مچھر و پروانے کو دیکھنا	نہ نفع ہو نہ ضرر ہو۔
ملخ و مگس کا ہجوم جاتے دیکھنا	اُس جگہ ملخ پڑین زراعت تباہ کرین۔
مکڑی دیکھنا۔	گناہ سے توبہ کرے خدا عاقبت بخیر کرے
موزہ دوز یا مشک دوز کو دیکھنا	شاعر ہزلیات کا ہو۔
ملاح کو دیکھنا	علم حکمت نصیب ہو
مشعلچی کو دیکھنا	درمیان زن و شوہر کے بہتان ڈالے
موتراش کو دیکھنا	مرد متمول سے ضرر اٹھائے۔
معلم کو مع اطفال کو مکتب میں دیکھنا	عمر دراز ہو۔

خواب	تعبیر خواب
موش کا شکار کرنا	کسی عورت فسادی و بدخو سے سابقہ ہو رنج لاحقہ ہو
ماہی کلان و تازہ و نامعلوم کا ملنا یا کھانا	مال غنیمت ملے خرد ہو تو غم والم سامنے آئے یا عورت بقدر تعداد ملین انسے فائدہ حاصل ہو۔
ماہی نمک آلودہ و برشتہ کھانا	غلام و خادم یا برادر سے رنج پہونچے۔
مینڈک متعدد یا منفرد دیکھنا	خود عابد و زاہد ہو یا کسی عابد سے معتقد ہو۔
مینڈک بکثرت کسی مکان یا محلہ یا کسی زمین مین دیکھنا۔	جہان واقع ہو وہان عذاب خدا نازل ہو۔
مسواک کرتے دیکھنا	راست گوئی کی عادت ہو نیکو کاری کی خصلت ہو
مرغی واحد دیکھنا۔	زن خجستہ و مبارک ملے۔
مرغیوں کی کثرت دیکھنا	باعث خوشی و شادی کا ہے۔

ردیف میم

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
متعلم یوز کا دیکھنا	ولایت و حکومت حاصل ہو۔	مشک دیکھنا	فرحت و مسرت کی دلیل ہے۔
ماہی گیر کو دیکھنا	ایضاً ایضاً	مباشرت بہائم و طیور معلوم کرنا	اور ونکی ساتھ نیکی کرے اگر نامعلوم ہو دشمن پر ظفر پاوے
مثنویات و غزلیات دیکھنا	گمراہ و دروغگو ہو	موت وتے دیکھنا	دین فاسد ہونا حاصل ہو بشرطیکہ گریہ و بکا و جنازہ ہمراہ نہ
مصحف کو اپنی ہاتھ سے پھاڑ ڈالنا	منکر احکام خدا سے ہو۔	مرگ خود بغیر سامان جنازہ	دیوار مکان یا کوئی شی منہدم ہو یا کوری دین ہوا
مصحف کے ورق کھا لینا یا چبانا۔	کلام الٰہی سے مضحکہ کرے دین ضائع و برباد کرے۔	و غسل و کفن و دفن دیکھنا	بصارت دینوی ہو۔
		میت سے سوال و جواب کرنا	حسب جواب میت کے حال ہو۔
ماتم داری دیکھنا۔	شادی ہو اگر شادی دیکھی ماتم داری نصیب ہو	میت سے لینا	لینا بہتر ہی برخلاف دینے کے۔
مرام و مقاصد کا مجتمع و کمال کو پہونچنا	تغیر احوال و نقصان مال ہو۔	میت کو بغیر طریق جنازہ کے اٹھانا	حاصل مال حرام ہو۔
مماکھی دیکھنا	مبارکی کی دلیل ہے۔	میت سے معانقہ یا مخالطت یا اسکو قتل کرنا	عمر دراز ہو۔

ردیف میم

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
میت کیساتھ کسی مکان نامعلوم میں جانا	جلد مرجائے اور میت کے ساتھ لاحق ہو۔	موتیوں کی ہار اٹھانے سے عاجز آنا	عالم بے عمل ہو۔
میت یا مریض کا اپنے گھر میں داخل ہونا	وہ مریض یا صاحب خواب مرجائے	مقراض ہاتھ میں دیکھنا	انقراض و انقضائے عمر کی دلیل ہے۔
میت کو بیمار دیکھنا۔	قبر میں نسبت اولاد و برادر کے سوال کیا جائے	مقراض سے بال اپنے یا بکرے کا کاٹنا	مال کثیر جمع کرے۔
میت کو روتے یا انگوٹھی اپنے ہاتھ سے لیتے دیکھنا	اگر صاحب ولد ہی تو ولد مرے یا مال ضائع ہو	ملائکہ اشرف کو دیکھنا	فراخی مال و کثرت بارش و کشائش رزق و ارزانی غلہ کی دلیل ہے۔
موزہ و پوستین دیکھنا۔	اگر مسلم و چرم ادیم سے ہیں باعث خیر ہی ورنہ بدہی	ملائکہ کو مسجد دن میں دیکھنا	اہل بلدہ کو دعا و نماز و صدقات و خیرات کی ہدایت ہے
مقنو و آزار دیکھنا	اگر اسمیں خلل اور قباحت دیکھے و نسبت اس کے شوہر کے ہو اگر بہتر دیکھے بہتر ہو۔	ملائکہ کو بازار میں دیکھنا	کمی سنگ میزان و پیمانے کی ممانعت کی ہدایت ہو
مندیل و گلوبند و گاؤتکیہ دیکھنا۔	اگر خلل دیکھے وہ نسبت خدم و حشم کے ہو بہتر دیکھے بہتر ہو۔	منارہ مسجد کا منہدم دیکھنا	دین میں خلل ڈالے یا مختلف دین کا موجدہ ہو۔
		منی بغیر مباشرت کے نکلنا	باعث قتل انسان ہو۔

ردیف نون

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھنا	مراد دینی و دنیوی ہاتھ آوے انجام بخیر ہو۔	ناک اپنی دراز دیکھنا	شہوت زیادہ ہو عورت بدکار سے فائدہ ہو۔
نماز پڑھنا	گناہ معاف ہو صاحب اوصاف ہو۔	ناک بُریدہ دیکھنا۔	افلاس کی نشانی ہے ذلّت پیش آنی ہے۔
ناخن تراشنا	قرض دور ہو حاصل بہجت و سرور ہو۔	ناک سے خون بہتے دیکھنا	مال مشقت سے پائے مگر جلد محتاج ہو جائے
نقارہ بجانا۔	ملک بنا پائے یا حکومت ہاتھ آئے	ندی دیکھنا۔	کسی بڑی سرکار میں پیش ہو تنخواہ بیش ہو آرام دہ خلائق ہو۔
ناچ دیکھنا	رنج دور ہو حاصل سرور ہو جو خود ناچے عورت منھ زور ملے رات دن غل و شور کرے	ناک و پیشانی دیکھنا	بلند دیکھے بلند مرتبہ ہو کم دیکھے کم مرتبہ ہو
نیزہ دیکھنا	افسر فوج ہو نہایت اوج ہو۔	ناریل دیکھنا۔	شادی ہو غم سے آزادی ہو یا تولد فرزند ہو نہایت خُرسند ہو۔
نرگس کا پھول دیکھنا	معشوق عاشق مزاج ملے غنچۂ مہر و الفت کھلے	نیم دیکھنا	اگر کھائے مرض سے صحت پائے اگر شاخ نیم ہلائے آتشک نکل آئے۔
نارنج دیکھنا	ماندہ ہونے کی علامت ہے مگر بعد رنج کی راحت ہے		

ردیف نون

خواب	تعبیر خواب
نکاح کرنا	باعث فخر وحصول مراہم ہے۔
نکاح زن مردہ سے کرنا	امر مایوس یعنی فوت شدہ پر قادر ہو جانا
نکاح اپنی زوجہ کو غیر سے کرتے دیکھنا	اُسکے اقربا صاحب خیر و توانگر ہوں۔
نکاح مادر یا خواہر زن قرابت دار سے کرتے دیکھنا	مشرف بزیارت خانۂ کعبہ شریف ہو
نکاح مرد مجہول و نامعلوم وجوان سے کرتے دیکھنا	دشمن پر ظفر پاوے۔
نکاح مرد معلوم ومغرب سے کرنا۔	فاعل مفعول یا مفعول فاعل سے سلوک کرے۔
نقرہ بے سکہ دستیاب ہونا	زن نیک ملے۔

خواب	تعبیر خواب
نقرہ معدن سے پانا۔	ایسی جگہ سے عورت ملے جہان سے ملنیکی امید نہو
نصرانی یا یہودی اپنا ہو جانا	آنکی دفع ایذا کرے۔
نماز قبلہ رُخ پڑھنا۔	ہدایت خدا سے پاوے اگر نقصان دیکھے نقصان پاوے
نماز میں اپنی طرف سے کچھ زیادہ کرنا	ارکان اسلام مین طعن کرے شک میں پڑے
نماز جانب مشرق پڑھنا	طریقۂ قادریہ کیطرف مائل ہو اسمین شامل ہو۔
نماز جانب مغرب بغیر قبلہ پڑھنا۔	فرقہ جبریہ کی طرف مائل ہو اُس میں شامل ہو۔
نردبان چوبی پر چڑھنا	ترقی دین اسلام ہو۔
نردبان خشتی پر چڑھنا	ترقی دولت ہو عروج مرتبت ہو۔
نارنج بکثرت یا متعدد پانا	مال طیب و اولاد صالح اللہ عطا کرے

ردیف نون و واو

خواب	تعبیر خواب
نور یعنی روشنی مشعل یا نور آسمانی دیکھنا	باعث خیر و برکت ہے۔
نیولا دیکھنا	تعبیر مثل گربہ کے ہے۔

ردیف واو

خواب	تعبیر خواب
وزّان وکیاں آپکو دیکھنا	قاضی یا حاکم ہو۔
وزّان وکیاں ناچتے دیکھنا	قاضی عادل سے سابقہ ہو
وزّان وکیا لکو دیکھنا	قاضی سے معاملہ پڑے وہ حکم بجور کرے
وحشیان صحرا پر مالک ہونا	مرد بیدین کے ساتھ سازگاری کرے
اُن کا پاس آنا یا اُن سے مخالفت کرنا۔	اس سے مرتبہ پائے۔

خواب	تعبیر خواب
وحشیان صحرا سے نزاع کرنا	غالب ظفر پاوے مغلوب عاجز آوے۔
ویرانہ زمین مین آپکو دیکھنا	کوچہ ضلالت نصیب ہو۔
ولایتی انار کھانا	مریض تندرست مریض ہو۔
وظیفہ پڑھنا	بری کام سے چشم پوشی کرے نیک کام سے ہم آغوشی کرے۔
ولادت دختر دیکھنا	خوشی حاصل ہو۔
ولادت پسر دیکھنا	غم والم حاصل ہو۔
وصلی بنانا	حاکم کی طرف سے میر محلہ یا چودھری ہو یا اُسکے مزاج مین کینہ پروری ہو۔
وعظ کہنا	خلق کو نصیحت کری بدکردارونکو فضیحت کرے

ردیف واو و ہائے ہوز

خواب	تعبیر خواب
وضو کرنا	راست کرداری کی دلیل ہے نہایت عنایت رب جلیل ہے۔

ردیف ہائے ہوز

خواب	تعبیر خواب
ہوائے تند دیکھنا	جہاں دیکھے اُس سرزمین پر آفت آئے باشندوں کی شامت آئے۔
ہُدہُد دیکھنا	حاکم رحم دل کا ملازم ہو یا سفر آخرت کا عازم ہو
ہنڈولا دیکھنا	زن مہربان پائے عیش کا سامان بہم پہونچائے
ہاتھی دیکھنا	بلائے سخت نازل ہو اگر تجارت کرے نفع قلیل حاصل ہو۔
ہرن دیکھنا	دختر نیک اختر پیدا ہو یا کسی معشوقہ پر دل شیدا ہو
ہدیہ بھیجنا	جسکو بھیجے اُس سے اُلفت و محبت ہو۔
ہوا پر آپ کو اڑتے دیکھنا	فن وکالت میں فائق ہو شہرۂ آفاق خلائق ہو
ہار پہننا	شادی ہو غم سے آزادی ہو۔
ہنستے دیکھنا	غم کی دلیل ہے مگر قلیل ہے۔
ہرن کو بغیر قصد شکار قتل کرنا	کسی عورت سے مال حاصل ہو۔
ہنڈار کا دودھ پینا	جنایت و غدر کرے اگر قہر دیکھے دشمن دیکھے
ہلال کا اول اپنے مطلع پر سوائے شب اول طلوع دیکھنا	وزیر یا بادشاہ اُسکے پاس آئے یا یہ جائے یا کوئی گم شدہ آئے یا کوئی امر جدید پیدا ہوئے۔

خواب	تعبیر خواب	خواب	تعبیر خواب
		ردیف ہائے ہوز و یای تحتانی	
ہوای طیّب و صاف دیکھنا	باعث مژدہ و برکت ہے اگر تاریک ہے رنج و غم ہے۔	یاقوت پانا۔	مال و دولت پائے۔
		یابو پانا	عورت چالاک نہایت بیباک ملے۔
	ردیف یای تحتانی	یخ یعنی برف گرتے دیکھنا	آفت سخت نازل ہو دولت دنیوی زائل ہو۔
ید بیضا دیکھنا	ہاتھ کشادہ ہو دولت زیادہ ہو	یہودی و نصرانی ہوجانا	اُن کی ایذا دفع کرے اور ان کا محبوب عزیز دل ہو۔
یاسمین پانا	عورت خوبصورت ملے عمر دراز ہو۔		

تمام شد

بل رُوڈ

ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز و تاجران کتب کشمیری بازار لاہور

پبلشرز
ملک دین محمد اینڈ سنز لاہور
بل روڈ